

حاجت روا

تعویزاتِ فاروقی



حاجت روا

تعویذاتِ فاروقی



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عملیات و تعویذات کی لاجواب کتاب

حاجت روا

المعروف

تعویذاتِ فاروقی

مصنفہ

جناب صوفی محمد رمضان صاحب ملکی اصحابان

ضلع شیخوپورہ

ملنے کا پتہ

سعید بک ڈپو قذافی مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

قیمت چھ روپے

میرا خیال

بھلا اوہ کی وِرد وظائف کرنا جہدے کیتیاں مشکل دا حل ناہیں
اوس پیروی کی بیعت کرنی جنہوں یار منان دا وَل ناہیں
بیعت کرنی قرآن وچہ ہے ثابت قرآن کلام ربی چھوٹی گل ناہیں
رمضان یارا وہنوں نہ یار اکھیں جنہوں گل کرن دا تے وَل ناہیں

میرا تقویٰ

قسم ربدی اوہ مرید کاہدا جہدا پیر دی دید تے جچ ناہیں
بھلا اوس سخی دا منگناں کی جہدے منگیاں عزیبدا رج ناہیں
میں کیوں نہ کامل یقین رکھاں کملی والے دے ہتھ ساڈی لج ناہیں
رمضان یارا اوہدی کاہدی دوستی اے جنہوں توڑ نبھاں دا پج ناہیں

میرا تجربہ

پندرہ سال اندر بابے جی کولوں جو کجھ سکھیا سی میں ول میاں
سکھیا تے کیتا سی عمل یارو ہر مشکل دا دس دتا حل میاں!
جے توں بھی مشکل دا حل چاہیں در اولیاء دا جا کے مل میاں
رمضان یار مخفی راز ملدے قسم ربدی سچی ہے گل میاں!

دیباچہ

میرا مدتوں سے یہ خیال تھا کہ میں ایک ایسی کتاب لکھوں جس میں ہر مشکل کا حل موجود ہو۔ اور ایسا ہی نقش مبارک ساتھ ساتھ

لکھوں۔ کبھی میں یہ بھی سوچتا تھا۔ کہ اس کتاب کو تفسیر یوسفؑ کی طرز پر پنجابی نظم پہ لکھوں۔ اور میرا یہ بھی خیال تھا۔ کہ اپنی کتاب گلدستہ محمدی کی طرز پر بڑے شعروں میں لکھوں۔ یہی سوچتے سوچتے کافی سال گزر گئے۔ حال ہی میں لاہور میں شیخ محمد سعید تاجر کتب نولکھا بازار لاہور والے کے پاس گیا تو انہوں نے کہا کہ ایسی کتاب لکھو جس میں ہر مشکل کا حل اور ہر درد کی دوا موجود ہو۔ اور ہر قسم کی کتابیں تو ہمارے کتب خانہ میں طبع ہو چکی ہیں۔ لیکن عوام الناس کا خیال ہے کہ کتابیں پڑھتے بھی ہیں اور عمل بھی کرتے ہیں۔ لیکن اثر ظاہر نہیں ہوتا۔ شاید ان کتابوں کے مصنفوں نے ان کا خود عمل نہیں کیا یا اجازت نہیں دی۔ عوام کی اس مجبوری کے پیش نظر سفارش کرتا ہوں۔ کہ آپ برائے مہربانی عملیات کی وہ کتاب تحریر شدہ جو تم نے جناب بابا جی عمر گل صاحب پشاوری سے حاصل کئے ہیں۔ ان سب کو اس کتاب میں درج کر دو۔ جو عوام کا رہبر بن سکے۔ اب میں شیخ صاحب کی سفارش پہ اس کتاب کا حوالہ لکھ رہا ہوں۔ اب میرے پاس فرصت تو نہیں تھی ایک اور کتاب پنجابی نظم کی لکھ رہا تھا۔ جس کے ایک صد پچھتر صفحات لکھ چکا ہوں۔ ایک صد پچیس صفحات لکھنے والے موجود ہیں۔ اب میں اس کتاب کو شروع کرتا ہوں۔ جس کے ہر نقش کو میں نے سیکھا اور خود تجربہ کیا اور ہر ورد کو زبانی یاد کیا۔ اور اس کا عمل بھی کیا۔ تقریباً آج سے پندرہ سال پیشتر جناب بابا جی کے ساتھ جا کر مریضوں پہ تجربات کئے اور تجربات کرتے

ہوئے دیکھا۔ ہماری اس کتاب کا ہر عمل اور نقش تجربہ شدہ ہے۔
جیسا کہ ایک مریض کو پیٹ میں درد ہو رہا ہے اس کی چارپائی پہ
سونے کا گشتہ رکھ دیا جائے۔ اور وہاں ہی وہ مدتوں تک
پڑا رہے لیکن مریض کو اس کا کوئی فائدہ یا اثر نہیں ہو سکتا۔
اور اگر مریض کو اسی وقت معمولی سی دوائی یعنی پیاز کا پانی نمک
ملا کر دے دیا جائے تو فوراً پیٹ درد رُک جاتی ہے۔ اسی
طرح حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتے ہیں جب
ہمارے اونٹ کی مہار جنگل میں گم ہو جاتی تھی۔ تو میں قرآن پاک
سے دریافت فرما لیتا تھا۔ اب ہمارے پاس سینوں، لیکلوں،
کندھوں اور گھروں میں جا بجا قرآن پاک موجود ہیں۔ لیکن فائدے
حاصل نہیں کر سکتے۔ اسی طرح اگر کوئی ہماری یہ کتاب لے کر
رکھ چھوڑے تو کیا فائدہ ہو گا۔ فائدہ اور بے فائدہ تو تب ہی
ہو سکتا ہے جبکہ دوائی کو استعمال کیا جاتا ہے۔ بغیر دوائی کے
استعمال کے کڑوی میٹھی مفید یا غیر مفید معلوم نہیں ہو سکتی۔
اب میں بخوشی فی سبیل اللہ اس کتاب کی ہر عامل کو اجازت
دیتا ہوں۔ لیکن شرط یہ ہے۔ کہ عامل کو پرہیزگار، پانچ وقت کا
نمازی ہونا لازمی ہے۔ اور کسی غیر شرع کام کے لئے اس عمل یا نقش
کو استعمال نہ کرے۔ صرف خلقِ خدا کی بہتری کے لئے استعمال
کرنا چاہیئے۔ ورنہ بجائے فائدہ کے عامل کو نقصان کا خطرہ ہے۔

فقط
رمضان قادری

یا اللہ

یا محمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

فال نامہ قرانی

بابا جی نے مجھ کو اس فالنامہ کے دیکھنے کی ترکیب اس طرح فرمائی ہے
کہ قرآن پاک کے تین حصے ہیں۔ اگر دن کو فالنامہ دیکھنا ہو تو دن کے
تین حصے بنا لیں۔ جس حصہ میں فالنامہ دیکھنا چاہو تو اسی حصہ قرآن
کو کھول کر پھر قرآن پاک کو کھول کر ادھر ادھر صفحات نہ ہونے دیں۔
جس جگہ سے کھلے اس سے سات ورق اور کھولیں۔ اور ساتویں ورق
کے شروع سے سات سطریں گنیں جو ساتویں سطر کا پہلا لفظ ہو یعنی
الف، ب، د، ل، م، ی کوئی بھی ہو اس لفظ کا مقصد اس کتاب
سے دیکھ لیں۔ لیکن ترکیب یہ ہے کہ سائل کو ضروری ہے وضو یا
تیمم کرے۔ اور ایک بار درود شریف پڑھے پھر الحمد شریف ایک بار
آیۃ الکرسی ایک بار بعد تین دفعہ قل شریف پھر گیارہ مرتبہ درود شریف
یہ سب چیزیں پڑھ کر غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ کی روح کو ثواب
بخشے۔ پھر قرآن پاک کو کھولیں۔ پھر دریافت حال کر لیں۔ اگر رات کو
فالنامہ دیکھنا مطلوب ہو تو جب سورج غروب ہو صبح غروب ہونے
سے پہلے تک رات کے تین حصے بنائے جائیں اور جس حصے میں فالنامہ
دیکھنا ہو وہی حصہ قرآن پاک کا کھولیں۔ اور اگر قرآن پاک موجود نہ ہو
تو پہلے یہ تمام چیزیں حسبِ دستور پڑھ کر اس نقشہ پہ آنکھیں بند کر کے
دائیں ہاتھ کی انگلی شہادت رکھیں۔ اور جس حرف پہ انگلی پڑے اسی

حرف کا حال پڑھ لیں جو انسان اس فالنامہ میں خامی سمجھے تو وہ کافر
ہے ۔ کیونکہ قرآن پاک پر ایمان نہ رکھنے والا مسلمان نہیں ہو سکتا۔
لیکن ایک انسان کہتا ہے کہ آخرت آنی تو ضرور ہے ۔ لیکن ہمارے
دل میں کچھ شبہ ہے ۔ کہ کب آخرت آئے گی ۔ ایسا انسان بھی
ایمان کا کمزور ہو سکتا ہے :۔

نقشہ یہ ہے

ا	ب	ت	ث	ج	ح
خ	د	ذ	ر	ز	س
ش	ص	ض	ط	ظ	ع
غ	ف	ق	ک	ل	م
ن	و	ہ	ء	ی	ے

الف : قولہٗ تعالیٰ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج
اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف الف تیری فال میں آیا ہے
تجھ کو خوشی اور فروزی کی بشارت ہے ۔ اور غم اور اندوہ سے نکلنے کی
بشارت ہے کسی وجہ سے پریشانی تیرے دل میں نہ ہو گی ۔ جو کچھ خدا تعالیٰ
سے طلب کرے گا بے انتظار تم کو مل جائے گا ۔ اور روز سشنبہ کو

اپنے دل کے بھید سے تم کو واقفیت ہو گی ۔ اور تمام کام تیرے اچھے ہو
جاویں گے ۔ اگر نیت تیری سفر کرنے کی ہے تو چلا جا بہت فائدہ
ہو گا ۔ اگر کوئی غائب ہوا ہے ۔ تو اس کی ملاقات آپ کو جلدی ہو گی
اور خیر اس کی ایک مرد بزرگ لاوے گا ۔ اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے ۔ وہ
بھی مل جائے گی ۔ اگر نیت ناطہ اور پیوند کی ہے ۔ کر لے مبارک ہو
گا ۔ ان دنوں میں تیرے دل میں کسی طرح کی دلگیری تھی ۔ وہ بخیر گزر گئی
ہے ۔ خواب آشفتہ کسی کے ساتھ مت کہو ۔ اسی میں صلاحیت تیری ہے
اور اپنا راز ہر کسی سے پوشیدہ رکھنا چاہیئے ۔ اور کام میں یقین درست
رکھ ۔ قدم مردانہ رکھ ۔ اور درود بہ روح سید دوعالم اور حضرت
آدم صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین پر درود بھیج تا دشمنوں سے امن رہ کر مراد
پاوے اور غم سے بے فکر ہو جائے ۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ :۔

ب :۔ قولہٗ تعالیٰ ۔ بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ رَسُوْلِہٖ الَّذِیْنَ عَاھَدْتُّمْ ط
اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ب) فال تیری
میں آیا ہے ۔ تم کو بشارت ہو ۔ تمام کام حسبِ منشاء تیری جلدی سرانجام
ہو جاویں گے ۔ اور دوشنبہ کو اپنے رازوں سے تم کو خبر ہو گی ۔ اور
مدت سے ایک چیز کی تم کو طلب تھی ، خوش ہو کہ بے انتظار مل جاوے
گی ۔ اور تم کو دلگیری تھی ۔ وہ بھی بخیر گزر گئی ہے ۔ اب خدا کے فضل و
کرم سے تم کو دولت منہ دکھائے گی ۔ دل قوی رکھ اور یہ فال تمام حاجت
روائی پر دلالت کرتی ہے ۔ اور رزق روزی تم کو بہت ملے گی ۔
اور غم اور اندوہ سے تم کو خلاصی ہو گی ۔ اور سفر کی نیت ہے تو جا
کہ بہت مال تم کو حاصل ہو گا ۔ اور اگر کوئی غائب ہے تو واپس آ

جاوے گا۔ اگر کوئی آدمی تیرا بیمار ہے وہ شفا پاوے گا۔ اگر نیت پیوند اور خرید وفروخت کی ہے کرو مبارک ہوگا۔ راز دل اپنا کسی سے نہ کہو۔ بہبودی تیری اس میں ہے۔ کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ت :۔ قولہٗ تعالیٰ۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْا اِلَی اللّٰہِ تَوْبَۃً نَّصُوْحًا ط

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ت) فال تیری میں آیا ہے۔ اس نیت میں چند روز صبر کرنا چاہیئے۔ تاکہ جملہ کام تیرے بخوبی سرانجام ہو جاویں۔ کیونکہ یہ فال حضرت یعقوب علیہ السلام کی تیرے طالع میں نکلی ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ تم کو کسی چیز کا خوف ہے اس سے مت ڈر۔ جو خدا تعالیٰ تجھ کو خوش کرے گا۔ اگر تیرا کوئی شخص بیمار ہے۔ چاہیئے کہ ایک بکری صدقہ دیوے۔ اگر مفلس ہو تو ایک مرغا صدقہ کرے تا جلدی صحت پاوے۔ اگر کوئی غائب ہوا ہے جان کہ وہ دور چلا گیا ہے۔ اور کسی زحمت میں مبتلا ہے۔ اس کی ملاقات تم کو محال ہے توکل بخدا رہو۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی بدذات کے ہاتھ آگئی ہے۔ سو اس کا تم کو ملنا محال ہے۔ اب صبر کرنا ہر کام میں بہتر ہے۔ اور زبان کو بُرا کہنے سے روک رکھنا اچھا ہے تا مضرت خیر بھیجے اور سفر کرنا بھی نیک نہیں ہے۔ سفر میں نقصان کلی ہے اور یقینی دشمن سے تم کو کچھ ضرر پہنچے گا۔ صبر کر کہ اس سے خوشی حاصل ہوگی۔ اور اگر خواب پریشان دیکھیں کسی سے نہ کہو۔ اور درود وسلام حضرت آدم ؑ پر بھیجنا احسن ہے اور بہتر ہے تا جملہ مرادات

بخوبی حاصل ہو جائیں۔ تا کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ث :۔ قولہٗ تعالیٰ۔ اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا۔

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ث) فال تیری میں آیا ہے۔ یہ دلالت کرتا ہے کہ تمام کام انجام ہو کر خوشی اور عیش اور عزت اور حرمت تم کو حاصل ہو۔ اور کسی نوع کی پریشانی نہ آوے اور چھ دن کے بعد اپنی ضمیر پر تم کو آگاہی ہوگی اور مدت سے جس چیز کی تم کو طلب ہے۔ وہ اب ہاتھ میں آئے گی۔ اور بادشاہان امراء امیروں اور بزرگانِ دین سے تم کو راحت پہنچے گی۔ اگر کوئی شخص تیرا غائب ہے۔ تو اس کی خبر ایک لڑکا لاوے گا۔ اور صحیح سلامت ملاقات اس کی میسر ہوگی۔ اگر بیمار ہے تو صحت پاوے گا۔ اور اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہے تو وہ بھی پیدا ہوگی۔ لیکن ایک شخص دراز قد خشک اندام سے اجتناب (پرہیز) کرنا چاہیئے۔ تا کہ مکر تیرے ساتھ نہ کرے۔ اور ایک دوست کی طرف سے تم کو ہدیہ ملے گا۔ اور تمام مرادیں حاصل ہوں گی۔ اطاعتِ خداوندی میں کاہلی نہ کرنی چاہیئے اور ذکر خدا میں مشاغل رہنا باعث بہبودی کا ہے۔ اور راز دل اپنا کسی سے نہ کہہ۔ تا کہ دشمنوں پر تم کو ظفر ہو جاوے گی۔ کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ج : قولہٗ تعالیٰ۔ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَہٗ ذَھَبَ اللّٰہُ بِنُوْرِھِمْ ط

اے خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ج) فال

تیری میں آیا ہے اور تمہاری فیروزی کا حال اور سعادت اور دولت پر تم کو دلالت کرتا ہے۔ لیکن اس نیت میں کوشش اور طلب از حد مفید ہے۔ تاخیر نہ کرنی چاہیئے۔ اور بعد چار روز کے تم کو راز ضمیر اپنے سے خبر ہو جاوے گی۔ اور امید بر آوے گی۔ اور ایک شخص سیاہ چشم، بلند قامت، لاغر اندام سے خبردار اور ہوشیار رہنا چاہیئے۔ تاکہ تیرے ساتھ مکر نہ کرے۔ مدت تین ماہ سے ایک چیز کی طلب سے تم کو پریشانی اور سرگشتگی تھی۔ دل قوی رکھ۔ اب نحوست سے تم کو رہائی ہو جاوے گی۔ اور ستارہ سعید تیرے طالع میں طلوع ہو گا۔ اور قوت پذیر ہو گیا ہے لیکن فی الحال سفر کرنا چاہیئے۔ اور غائب تیرا دور چلا گیا ہے۔ اگر نوروز تک نہ آوے گا۔ تو اس کے آنے میں دیر ہو گی۔ اگر کوئی شخص تیرا بیمار ہے۔ حسبِ حال صدقہ دینا بہتر ہے۔ تا اس زحمت سے شفا پاوے گا۔ امیروں اور بادشاہوں کے پاس جانا اچھا ہے۔ کہ کسی طرح کا تم کو منفعت ہو گا۔ اور اب کا سال تم کو کئی سالوں سے بہتر آیا ہے۔ اور ایک دوست سے تم کو ہدیہ پہنچے گا۔ اس سے خوشی ہو گی۔ اور ہمیشہ نماز میں مقیم رہو۔ تم کو تمام مرادوں پر کامیابی ہو جاوے گی۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ح: قولہٗ تعالیٰ:۔ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ط

اے صاحبِ فال جان اور معلوم کر کہ حرف ح طالع

تیرے میں نکلا ہے۔ تمہاری خوشی اور فیروزی پر تم کو بشارت ہے۔ اور غائب کے سلامت آنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور درمیان خوشیوں اور بھلائیوں کے مژدہ موافقت ہے۔ اور مطلب تیرے باآسانی انجام ہوں گے۔ اور حلال کا متلاشی ہونا تیرا اس فال سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور بزرگوں اور امیروں سے تم کو خوشی پہنچے گی۔ سفر کرنا مبارک ہے۔ مراد حاصل ہو گی۔ اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے۔ دستیاب ہو جاوے گی۔ اگر بیمار ہے جلدی صحت پاوے گا۔ کچھ صدقہ دینا ہو گا۔ اور ہر کام میں نیک دلالت ہو۔ مطمئن رہو۔ ایک صاحبِ علم سے تم کو راحت پہنچے گی۔ اور ایک بزرگ سے بھی دروازہ فتح اور دولت کا تیرے منہ پر کھلے گا۔ اور دشمن تیرے مقہور ہوں گے۔ اپنے دل کا راز کسی سے نہ کہنا۔ کہ موجب نقصان تیرے کا نہ ہو۔ درود بروحِ سیدِ عالم اور حضرت آدم علیہ السلام کو پہنچایا کرو تاکہ ہمیشہ خوشی سے دین و دنیا میں راحت پاوے گا۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

خ: قولہٗ تعالیٰ:۔ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ط

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف خ طالع تیرے میں آیا ہے۔ کہ ستارہ عطارد سے تعلق رکھتا ہے۔ سخاوت کا ہاتھ کشادہ رکھ اور صدقہ حسبِ مقدور دے تاکہ

حال تیرا بخیر گزرے۔ اور فائدہ تم کو پہنچے۔ اور فکر واندیشہ کو دل میں راہ نہ دینا چاہیئے۔ کیونکہ اب نحوست دفع ہو جائے گی۔ اور جو نیت تیرے دل میں آئی ہے۔ تین روز کے اندر تم کو اس کی خبر ملے گی۔ اور چہار شنبہ کے دن اپنے راز سے آگاہی ہوگی۔ اور توکل بخدا رہنا اچھا ہے تا تمام کام بخوبی انجام آور ہو جائیں گے۔ اور پچیس روز اگر تیرا غائب نہ آئے گا تو آنا اس کا از حد دشوار ہے۔ سفر کرنا۔ نکاح کرنا، ناطہ کرنا فی الحال نیک نہیں ہے۔ اور بھید دل کا کسی سے مت کہہ۔ تا موجب ضرر کا نہ ہو جائے۔ بذکر حق قیام کرتا جملہ مراد حاصل ہو۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

د: قولہٗ تعالیٰ:۔ اِذْ جَعَلْنَا خَلِیْفَۃً فِی الْاَرْضِ قَالُوْا سَمِعْنَا ط

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (د) فال تیری میں آیا ہے۔ جو دال ہے۔ اور کشادہ کارے اور جس کام کی تیرے دل میں دل ہے۔ اس کے درپے ہو۔ مبارک ہوگا۔ اور ہرگز ہاتھ اس کام سے مت اٹھا۔ بخوبی انجام ہوگا۔ اور بادشاہوں اور امیراں اور بزرگان تم پر مہربان ہوں گے۔ اور دولت تیری بڑھے گی۔ اگر بیمار ہے تو شفا پاوے گا۔ اور اگر سفر کا تم کو قصد ہے۔ جلد جا کہ خالی از فائدہ نہیں ہے۔ اگرچہ خرید و فروخت یا پیوند

کی نیت ہے تو کر لے۔ بہت مبارک ہے۔ دل کا راز کسی سے نہ کہو۔ کہ منفعت بخش نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص غائب ہے تو وہ آ جاوے گا۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ذ:۔ قولہٗ تعالیٰ:۔ فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا ط

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ذ) فال تیری میں آیا ہے۔ یہ دلالت کرتا ہے۔ عیش اور عشرت پر اور جس چیز کی تم کو طلب ہے۔ وہ جلدی دستیاب ہو جاوے گی۔ اور دیگر کام تمام دستیاب ہو جاویں گے۔ اور جس کا تم کو خوف ہے۔ اس سے بے خوف رہ۔ گیارہ روز کے بعد تیرا رازِ دل ظاہر ہوگا۔ اور مستحکم رہ کہ صحت اور تندرستی تیرے طالع میں نمایاں ہے۔ ایک بزرگ یا دوست سے تم کو بدلہ ملے گا۔ جو باعث خوشی کا ہوگا۔ اگر نیت سفر کی ہے۔ چلا جا کہ مبارک ہے۔ اور غائب بھی آ جاوے گا۔ گم شدہ اور بھاگے ہوئے کا پتہ چل جاوے گا۔ اگر پیوند کی نیت ہے تو بے شک کرے۔ نیک ہے اور برا کہنے سے زبان روک رکھ کہ تم کو منفعت بخش ہوگی۔ دل کا بھید کسی سے مت کہو تا کہ تم کو کامیابی ہوگی۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ر: قولہٗ تعالیٰ:۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

اے خداوند فال جان اور معلوم کر کہ حرف (س) فال
طالع تیرے میں آیا ہے۔ دلالت کرتا ہے۔ دولت مندی
اور سعادت پر کچھ اندیشہ نہ کر کہ کام تمام تیرے حسب دلخواہ
سرانجام ہو جاویں گے۔ اور اس قدر تم کو خوشی پہنچے گی۔ کہ
اس کا بیان تحریر سے باہر ہے۔ اور دوست تیرے خوش اور
دشمن غمناک ہوں گے۔ اگر کوئی چیز تیری تلف ہو گئی ہے۔
پھر تم کو مل جائے گی۔ اور تیرا قرض بھی ادا ہو گا۔ اور اگر
سفر کی نیت ہے جا تم کو منفعت بخش ہو گا۔ اور مدت کا
غائب جو تیرا گیا ہے۔ جلدی اس کی خبر آ جائے گی۔ اور
بزرگوں سے تم کو نفع ہو گا۔ اور جملہ کام تیرے سرانجام ہوں
گے۔ اور مال اپنے سے کچھ صدقہ کرنا چاہیئے۔ اگر کوئی بیمار
ہے تو شفا یاب ہو گا۔ خرید و فروخت تم کو نیک ہے۔
اور ایک لڑکا تم کو خدا تعالےٰ کرامت کرے گا۔ جو بڑی
خوشی کا باعث ہو گا۔ اور ایک مقام سے تم کو ملامت
پہنچی تھی۔ وہ بھی بخیر گزری چاہیئے۔ کربے خدا تعالےٰ
اور تعویذ کے نہ رہو۔ بھید اپنا کسی سے نہ کہو۔ تا تمام دشمن
مقہور ہو جائیں گے۔ اور کہو انشاء اللہ تعالےٰ

ع: قولہٗ تعالےٰ:۔ عَبَسَ وَتَوَلّٰیٓ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ؕ وَ
مَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّهٗ یَزَّكّٰیٓ ۙ

اے صاحب فال جان اور یہ آگاہ ہو کہ حرف (ع) فال
تیری میں آیا ہے۔ دلالت کرتا ہے ان دنوں میں تجھ کو کسی قسم کی

دل تنگی تھی۔ چند روز صبر اور حوصلہ کرنا چاہیئے۔ تا تمام کام
تیرے حسبِ مراد ہوں گے اور آٹھ روز تک اپنے راز دل سے
تم کو خبر ہو جائے گی۔ اور ایک آدمی زرد رنگ میانہ قد پشت
خمیدہ سے خوف رکھنا اور ہوشیار رہنا چاہیئے۔ تاکہ تیرے
ساتھ مکر و فریب نہ کرے۔ اور ایک سفر تم کو درپیش ہے۔
اس سے تم کو نفع بہت ہو گا۔ اگر کوئی بیمار ہے۔ صحت یاب
ہو گا۔ لیکن حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ اگر صاحبِ
فال صبر نہ کرے گا۔ نقصان دیکھے گا۔ اور حضرت حسن
بصری فرماتے ہیں۔ یہ بہت اندیشہ نہ کر۔ اور بتوکل رہ۔ اگر
غائب بیس دن تک نہ آوے گا۔ تو اس کی خبر ایک ماہ کے
بعد آوے گی۔ اور خرید و فروخت میں بھی تم کو نفع نہ ہو گا۔
اور کہو انشاء اللہ تعالےٰ

س: قولہٗ تعالےٰ:۔ یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ۙ اِنَّكَ
لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۙ

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (س)
فال تیری میں آیا ہے۔ اور دلالت کرتا ہے۔ باتیں تیری رواں
ہوں گی۔ اور جو نیت تیرے دل میں ہے۔ بر آوے گی۔ اس
میں کاہلی نہ کرنی چاہیئے۔ اگر پیوند اور ناطہ کی تیری نیت
ہے مبارک ہو۔ سرانجام ہو گا۔ اور عورتوں کے ساتھ
صحبت نہ کر اور کیونکہ امام جعفر صادقؑ اور ابن عباسؓ
فرماتے ہیں تم کو سفر کرنا بہت خوب ہے۔ اس سے زیادہ

کوئی کام تیرے واسطے بہتر نہیں۔ کیونکہ اب ستارہ تیرا
نحوست سے نکل آیا ہے۔ اور کہو انشاء اللہ تعالےٰ۔

ش: قولہٗ تعالیٰ:۔ وَاِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَ اِذَا الْجِبَالُ
حُقَّتْ ط

اے صاحبِ فال آگاہ ہو۔ کہ حرف ش فال تیری میں
آیا ہے۔ شقاوت پر اس کی دلالت ہے۔ اور پستگی اور
پریشانی اور سرگردانی پر تم کو بشارت کرتا ہے۔ اس فال
میں جو نیت تیرے دل کی ہے۔ اس سے باز رہ۔ کیونکہ
آخر نتیجہ اس کا پریشانی ہے اور جس کے ساتھ دوستی کرتے
ہو۔ وہ دشمن جان ہو جاتا ہے۔ تین دن تک اپنی زبان
کو روک رکھنا تا دلگیری کا باعث نہ ہو اور خدا پر توکل
رکھ تا مقصود تیرا حاصل ہوگا۔ اور امام جعفر صادق فرماتے
ہیں۔ کہ اے صاحب فال کو چاہیئے کہ اندیشوں سے
توبہ کرے تا بلاؤں اور غموں سے بے خوف ہووے
اگر کوئی آدمی تیرا بیمار ہے۔ اس کو خطرہ بہت ہے۔ حسب
مقدور صدقہ دیوے تا شفا پاوے۔ کہو انشاء اللہ تعالےٰ۔

ص: قولہٗ تعالیٰ:۔ فَاصْبِرْ صَبْرًا
جَمِیْلًا

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ص) طالع
تیرے میں آیا ہے۔ اور اس بات پر دلالت کرتا ہے۔ کہ کہیں سے
تم کو مال ملیگا۔ اور گم شدہ اور بھاگا ہوا تیرے ہاتھ میں آوے گا۔ اور

کسی بات سے دل تیرا رنج میں گرفتار ہے۔ توکل بر خدا کر کہ سلامت
آجاوے گا۔ اگر کوئی شخص بیمار ہے۔ اس کی بیماری دراز ہوگی۔
صدقہ دے جو شفا پاوے۔ اور تم کو نکاح کرنا بہت اچھا ہے۔
کہ خداوند تعالیٰ فرزند کرامت کرے گا۔ اور ایک آدمی تم کو تکلیف
دیتا ہے۔ تو بات اس کی نہیں سنتا ہے۔ چاہیئے کہ اس بات سے
مقصد ہوتا کہ موجب فائدہ کا ہو جاوے اور امام جعفر صادق
و ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔ صاحب فال کو صبر کرنا بہتر ہے کیونکہ
یہ فال حضرت یعقوب علیہ السلام کی ہے اور کہو انشاء اللہ
تعالیٰ:۔

ض:۔ قولہٗ تعالیٰ:۔ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ
مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ج

اے خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ض) فال تیری
میں آیا ہے۔ خوشی اور دولت پر اس کی شہادت ہے۔ اور
کسی بات کے سننے پر تم کو خوشحالی ہوگی۔ اور کوئی چیز تیرے
سے چلی گئی ہے وہ بھی دستیاب ہو جاوے گا۔ جو اندوہ تیرے
دل میں ہے انجام اس کا نیک ہوگا۔ اور عبادت میں کاہلی نہ چاہیئے
اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ط: قولہٗ تعالیٰ:۔ طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۂ

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ط) تیرے طالع
میں آیا۔ جو دلالت کرتا ہے کشائش رزق پر لیکن نماز میں سستی
نہ چاہیئے۔ جو دین و دنیا میں تیری بہتری ہو جاوے اور نماز کی

برکت سے تمام کام تیرے بخوبی سر انجام ہوں - اور اگر تیرا کوئی غائب
ہے - چند روز کو آ جاوے گا - اور عنقریب اس کو ایک مرد میانہ سال
لاوے گا - اور اگر کوئی بیمار ہے تو شفا پاوے گا - امام جعفر صادقؒ
فرماتے ہیں - کہ اس سال سفر کرنا خوب ہے - اور گناہوں سے
توبہ کرنی چاہیئے - اور اب کا سال تمام سالوں سے بہتر ہے -
اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ -

ظ ، قولہٗ تعالیٰ ، مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ط

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ظ) فال تیری میں
آیا ہے - اس کی خوشی اور عیش و عشرت پر بشارت ہے (ظ) فال
تیری ہیں ہے - بیماری اس کی لمبی ہے - لیکن آخر صحت پاویگا - کچھ صدقہ
دینا چاہیئے - اور اگر تیرا غائب ہے - جان کہ وہ دور چلا گیا ہے -
اس کی خبر ایک لڑکا لاوے گا - اور خواب پریشان کسی سے نہ کہو
کہ صلاحیت تیری اس میں نہیں ہے - ان دنوں میں تم کو ایک ملامت
تھی - وہ بخیر گزر گئی ہے - اور سوائے خدا تعالیٰ کے کسی سے
طمع نہ کرنا چاہیئے - تمام کام تیرے بہتر ہو جائیں گے - اور کہو
انشاء اللہ تعالیٰ -

ع : قولہٗ تعالیٰ :- الرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ط خَلَقَ الْاِنْسَانَ
وَعَلَّمَهُ الْبَيَانَ ہ

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو - کہ حرف (ع) فال تیری میں
آیا ہے - جو دلالت کرتا ہے فتح و نصرت پر اور جو نیت کہ تیرے دل
میں ہے - ایک بزرگ کی طرف سے تم کو راحت پہنچے گی - اور

روز شنبہ کو بھید ضمیر اپنے سے تم کو آگاہی ہو جاوے گی -
اور حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اس نیت میں کچھ
صدقہ للہ دینا چاہیئے - تا مراد تیری حاصل ہو جاوے اور
سفر کرنا تم کو اچھا ہے - منفعت سے خالی نہ رہے گا - اور
ایک حاکم اور ایک بزرگ کا تجھے وہم ہے - اس سے مت ڈر -
اگر کوئی چیز کھو گئی ہے ہاتھ آوے گی - اگر دعوے کرنے کی
تیری نیت ہے - الا اندیشہ نہ کر - کہ عاقبت الامر تجھ کو ہی غلبہ ہے -
اور خرید و فروخت حیوانات تیرے لئے بہتر نہیں ہے - بلکہ خدا
مشغول رہو - اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ -

غ ، قولہٗ تعالیٰ :- اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ط

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (غ) فال طالع تیرے
میں نکلا ہے - دلالت اس کی عورت کرنے پر ہے کر لے - تم کو
فائدہ ہوگا - اور تمام مشکل کام تیرے لئے آسان ہوں گے -
کہ جیسا لوہا داؤد پیغمبر کے ہاتھ میں نرم ہو جاتا ہے - اور روز
چہار شنبہ کو اسرار ضمیر اپنے سے غم کو آگاہی ہو جاوے گی - اور
جس چیز کی تم کو طلب ہے جلدی مل جائے گی - مگر بھید اپنا کسی
سے نہ کہنا - اگر کوئی چیز غائب ہے - وہ بھی آ جاوے گی - اور ایک
شخص زرد ریش میانہ قد - گندم رنگ ، گردن کوتاہ سے خوف
کرنا چاہیئے - تاکہ تیرے ساتھ مکر نہ کرے اور سفر کرنا بھی تیرے
لئے مبارک ہے - اور ہمیشہ با وضو رہنا تیرا سب سے بہتر ہے -
اور خدا کا ذکر کرنا اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود

بھیجنا اس فال سے تیرے واسطے اکسیر اعظم ہے۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ق: قولہٗ تعالیٰ: فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلاً صَالِحاً ط

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ف) فال تیری میں آیا ہے۔ عیش و عشرت خوشی اور دولت کی بشارت ہے۔ اور غائب تیرا آوے گا۔ جس کی خبر ایک مرد کامل دے گا۔ اور بیمار شفا پاوے گا۔ غم نہ کر۔ جلدی کام تیرے اس فال میں اچھے ہو جائیں گے۔ یکجہت اور ثابت قدم رہنا تیرے واسطے بہتر ہے۔ اور جو شخص تیرے ساتھ بدی کرے۔ عوض اس کے نیکی کرنا اجر اعظم تم کو ملے گا۔ بیس روز تک اپنے بھیدوں سے باخبر ہو گا۔ اور سفر کرنا تم کو اچھا نہیں۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

ق: قولہٗ تعالیٰ :۔ فالقران کل مجیبوان جاآ ھم منذر منھم ما قال القران ھذا شیئٌ عجیب ج

اے صاحب فال جان اور معلوم کر کہ حرف (ق) فال تیری میں آیا ہے۔ اور دلالت کرتا ہے کہ تم کو خلائق میں قبولیت حاصل ہو گی۔ اور جو کوئی تم کو دیکھے گا۔ دوست رکھے گا۔ بقول ابن مسعود فخر رازی صاحب فال کو کہیں، فتوح حاصل ہو گی اور جو کوئی دیکھے گا۔ خوش ہو گا۔ اور امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ کہ صاحب فال کو سخاوت کرنی چاہیئے۔ کہ بہتری اسی میں ہے۔

اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ :۔

ک: قولہٗ تعالیٰ: کَذٰلِکَ کِدْنَا لِیُوْسُفَ ط

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ک) فال تیری میں آیا ہے۔ اس نیت میں پرہیز کرنی بہت بہتر ہے اور دشمنی کرنی بھی کسی کے ساتھ اچھی نہیں۔ حسن بصری فرماتے ہیں۔ کہ صاحب فال کو خرید و فروخت کرنا اور قرض دینا نہ چاہیئے کہ نفع نہ ہو گا۔ اگر صبر کرے تو مراد پاوے گا۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ :۔

ل: قولہٗ تعالیٰ: اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ط

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ل) فال تیری میں آیا ہے۔ جو دلالت کرتا ہے۔ کہ یہ فال نہایت نیک اور مبارک ہے۔ اور تمام کام تیرے حسب دلخواہ میسر ہو جاویں گے اور طالع تیرے قوت پکڑ گئے ہیں۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو مناسب ہے۔ کہ بے خوابی اختیار کرے تا دشمن اس کے دوست ہو جاویں۔ اور امام شریح فرماتے ہیں کہ صاحب فال جس کام کا ارادہ کرے گا آسان ہو گا۔ اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

م: قولہٗ تعالیٰ :۔ اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ ہ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ ہ

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (م) فال تیری میں آیا ہے۔ دلالت کرتا ہے۔ ملامت پائیں نیت سے شیخ حسن بصری فرماتے ہیں۔ کہ صاحب فال کو چاہیئے۔ کہ کسی کے ساتھ شرکت و دعویٰ نہ کرے۔ اگر اپنی نیت سے درگزر نہ کرے گا۔ نقصان دیکھے گا۔ اور صبر کرے گا۔ راحت

پاوے گا - اور کہو۔ انشاءاللہ تعالےٰ۔

نؔ : قولہٗ تعالیٰ :۔ نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا یَسْطُرُوْنَ ط

اے خداوند فال جان اور آگاہ ہو۔ کہ حرف (نؔ) طالع تیرے میں آیا ہے - اس پر بشارت ہے کہ جو نیت تیرے دل کی ہے مبارک ہو - سرانجام ہوگا - اور عورتوں کے ساتھ مشورے نہ کر - اور نیت تیرے دل کی پوری ہو جائے کہ جملہ کام تیرے سرانجام ہو جاویں گے - امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں کہ نماز میں سستی نہ کرنی چاہیئے - رزق کا دروازہ تم پر کشادہ ہو جاوے گا - اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ ۔

وؔ :۔ قولہٗ تعالیٰ : هَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ o

اے صاحبِ فال جان اور معلوم کر کہ یہ فال حرف (وؔ) طالع تیرے میں آیا ہے کہ یہ فال بے نیازی کی ہے - امام فخرالدین رازی فرماتے ہیں کہ صاحبِ فال بلا سے بے خوف ہوگا - اور مراد پاوے گا - اور شیخ حسن بصری فرماتے ہیں کہ آدمی کئی محتاج ہوں گے - اور منفعت پاویں گے - اور درمیان خلق کے تم کو مقبولیت ہوگی - کہو انشاء اللہ تعالیٰ

ہؔ : قولہٗ تعالیٰ :۔ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ o

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ہ) طالع تیرے میں آیا ہے - اشارہ ہے کہ نہایت مبارک ہے - کہ تمام کاروبار تیرے بخوبی سرانجام ہو جاویں گے - اور کچھ فکر نہ کر کہ مراد تیری

حاصل ہوگی - اور اس نیت سے گزر نہ کرنا چاہیئے - امام فخرالدین رازی فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو اپنی نیت کا ثمر مل جائے گا - اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ :۔

لاؔ :۔ قولہٗ تعالیٰ : لَآ اُقْسِمُ بِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ o

اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (لا) فال تیری میں آیا ہے - اور دلالت کرتا ہے - کہ جس عمل اور شغل کے درپے ہے - اس کو چھوڑ دینا چاہیئے - کہ حاصل نہ ہوا اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں - کہ اس کی نیت اور اندیشہ میں شروع ہونا اچھا ہے - ایسے کام سے پرہیز کرنی چاہیئے - اگر پرہیز نہ کرے گا زیان دیکھے گا - کہو انشاء اللہ تعالیٰ -

یؔ : قولہٗ تعالیٰ : لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ o

اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ی) فال تیری میں آیا ہے - اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس نیت میں تم کو بہت خوشی حاصل ہوگی - اور امام فخر رازی فرماتے ہیں کہ صاحبِ فال کو چاہیئے - کہ اس نیت سے درگزر نہ کرے کہ جلدی مراد حاصل ہوگی - اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ ۔

معتبر ستاروں کے نام

آسمان پر ستارے تو بے شمار ہیں، لیکن ان کا حساب صرف اللہ تعالٰی کو ہی ہے۔ چھوٹے سے چھوٹا ستارہ انگوٹھی کے نگینے کے برابر ہے۔ بڑے ستارے کا حساب ایک فرلانگ لگایا گیا ہے۔ معتبر ستارے سات ہیں۔ جو ایک ایک آسمان پر بادشاہ ہیں۔ ہر ایک کی بادشاہی کا حکم ایک گھنٹہ رہتا ہے۔ ان کی ساعت دیکھ کر نقش لکھے جاتے ہیں۔

(۱) مشتری (۲) زہرہ (۳) عطارد (۴) قمر (۵) شمس (۶) زحل (۷) مریخ

۱۔ مشتری، سعد اکبر ہے۔ ۲۔ زہرہ سعد اصغر ہے، ۳۔ زحل یہ نحس اکبر ہے۔ ۴۔ مریخ نحس اصغر ہے۔

مشتری، زہرہ، عطارد، قمر، شمس، ان کی ساعتوں میں الفت، محبوب کو اپنا بنانا، دشمن کو دوست بنانا، بھاگے ہوئے کو واپس بلانا، ظالم حاکم کو تابعدار بنانا اور بھی الفت کے نقش ان ساعتوں میں لکھے جاتے ہیں۔

زحل اور مریخ کی ساعتوں میں ہلاکت، دو دشمنوں میں جدائی زبان بندی، تیغ بندی، خواب بندی وغیرہ وغیرہ نقش یعنی بغض، ان کی ساعتوں میں لکھے جاتے ہیں۔ اب ان کا رنگ اور آسمانوں کا نقشہ دیکھیں صفحہ ۲۵ پر اور صفحہ ۲۶ پر ساعت نامہ لکھیں

ستاروں کا رنگ اور آسمانوں کا نقشہ



ساعت نامہ

شب و روز	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
شب شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شنبہ روز	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
یکشنبہ روز	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
دوشنبہ روز	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
سہ شنبہ روز	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
چہارشنبہ روز	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
پنجشنبہ روز	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

نام بروج

قرآنِ پاک میں اللہ تعالیٰ نے برجوں کے متعلق یوں فرمایا ہے فی السماء و البروج قسم ہے مجھ کو آسمان برجوں والوں کی۔ بزرگوں کا قول ہے۔ آسمان میں بارہ برج ہیں اور ہمیشہ گردش کرتے ہیں۔ ایک برج ایک ماہ چلتا ہے۔ ایک ماہ کے بعد وہ ختم ہو جاتا ہے۔ دوسرا شروع ہوتا ہے۔ ان کی شروع پندرہ تاریخوں میں محبت بھاگے ہوئے واپس بلانا، ظالم حاکم کو مہربان بنانا۔ دشمن کو دوست بنانا اسی قسم کے تیغ بندی زبان بندی، خواب بندی، نیند بندی اسی قسم کے اور بھی نقش لکھے جاتے ہیں۔ عامل کو ان کا خاص خیال رکھنا چاہیئے۔ ان کی پہچان کے بغیر نقش لکھنا بیکار ہے۔ کیونکہ باباجی صاحب نے مجھے پہلے ہدایات کی تھی کہ برجوں کی پہچان کریں کہ کب شروع ہوتا ہے کب ختم ہوتا ہے نام یہ ہیں:۔

بزبان ہندی

حمل	ثور	جوزا	سرطان
اسد	میزان	عقرب	قوس
سنبلہ	جدی	دلو	حوت

پنجابی نام برج

بیساکھ	جیٹھ	ہاڑ	ساون
بھادوں	اسوج	کاتک	مگھر
پوہ	ماگھ	پھاگن	چیت

ان کی شکل بھی بیان کرنی ضروری تھی۔ لیکن کتاب طول پکڑتی ہے اس وجہ سے ان کی شکل نہیں بیان کی گئی ہے۔ صرف انسان کو انکا معلوم حال ہونا ضروری تھا۔ اسی طرح بارہ بارہ ماہ عربی (قمری) ہر ماہ میں دو تاریخیں نحس ہوتی ہیں۔ ان تاریخوں میں جو بیمار ہوتا ہے وہ شفا نہیں پاتا۔ جو پیدا ہوتا ہے وہ زندہ نہیں رہتا۔ جو درخت سوکھ جائے وہ پھر سبز نہیں ہوتا۔ جو انسان ان تاریخوں میں لڑائی کو جائے وہ فتح نہیں پاتا شکست کھاتا ہے۔

جو عامل ان تاریخوں کے بغیر معلوم حال کے نقش لکھتا ہے وہ کامیاب نہیں ہوتا۔ اس لئے عامل کو لازم ہے کہ ان تاریخوں کا خاص خیال رکھے نقشہ آپ کے سامنے موجود ہے۔

عربی مہینوں میں نحس تاریخیں

محرم	صفر	ربیع الاول	ربیع الثانی	جمادی الاول	جمادی الثانی
ایک، دو	ایک تا تین	دس تا پندرہ	بارہ، تیرہ	دس تا پندرہ	دس تا چودہ
رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذیقعد	ذوالحجہ
بارہ، تیرہ	تین تا آٹھ	چھ تا آٹھ	دو، تین	تین تا بارہ	آٹھ تا بیس

عددی حروف نمبر ۱

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
١	٢	٤٠٠	٥٠٠	٣	٨	٦٠٠	٤	٧٠٠	٢٠٠	٧	٦٠	٣٠٠	٩٠
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ک	ق	ل	م	ن	و	ہ	ی
٨٠٠	٩	٩٠٠	٧٠	١٠٠٠	٨٠	٢٠	١٠٠	٣٠	٤٠	٥٠	٦	٥	١٠

عددی حروف نمبر ٢ بحساب ابجد

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع
١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	٢٠	٣٠	٤٠	٥٠	٦٠	٧٠
ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ							
٨٠	٩٠	١٠٠	٢٠٠	٣٠٠	٤٠٠	٥٠٠	٦٠٠	٧٠٠							
ض	ظ	غ													
٨٠٠	٩٠٠	١٠٠٠													

مقرب ملائکہ کے نام کے عدد

جبرائیلؑ	میکائیلؑ	اسرافیلؑ	عزرائیل
٢٥٤	١١٠	٣٨٢	٣١٠

نام سورۂ قرآنی اور ان کے عدد

انا اعطینک	اذا جآء	فاتحہ	یٰسین	طٰہٰ
٢٧٦٤	٦٠٩٣	٨٢١٣	٤٤٠٠٠	٩٩٠٠٠

دریافت حال مریض بغیر نبض کے

ایک دن میں نے باباجی سے دریافت حال کیا کہ بغیر نبض دیکھے مریضوں کا حال کس طرح دریافت کیا جاتا ہے - بعضے مریض ایسے دیکھنے میں آتے ہیں جن کو ظاہری مرض کوئی نہیں ہوتی لیکن مرض میں مبتلا ضرور ہوتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ایسی بھی امراض ہوتی ہیں جنکا جسم سے کوئی تعلق نہیں ہوتا لیکن صرف روحانی مرض ہے - انکا دریافت حال اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ مریض کا دوپٹہ لیں - اور اس کو گٹھوں سے مِن لیں۔ پھر اس آیت مبارک کو ایک بار پڑھ کر تین بار دم کریں - اور پھر اس کو ناپیں کہ کتنا کم ہے یا زیادہ ہے پھر اس کی کمی بیشی دیکھ کر روحانی علاج کریں - اگر مریض مرد ہو تو اس کے پیر کے انگوٹھے سے لے کر سر کے بالوں تک کچی تار سوت کی لے کر سات تاریں جمع کریں - اسی طرح پھر اس کو دم کیا جائے - پھر دیکھیں کہ کتنا کم یا زیادہ ہے - اگر ایک انگل کم ہو تو سایہ جن ہے - اگر دو انگل کم ہو تو جادو ہے اگر تین انگل کم ہو تو سایہ پری ہے - اگر چار انگل کم ہو تو نظر بد ہے - اگر برابر ہی ہو کم و بیش نہیں تو جسمانی مرض ہے - آیت مبارک یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا جَمِیْعَ اَحْضِرُوْا ھٰذَا مَا تَوْرَاتَ اَخْبَرَنِیْ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ ط وَصَغَادَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ط

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ط قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ فَاَخْتَرَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

دوسرا طریقہ

میں نے عرض کیا اگر اس سے بھی پوشیدہ مرض ہے - تو اس کا علاج کیا ہے - تو آپ نے ارشاد فرمایا - کہ مریض جس دن بیمار ہوا ہو تو اس دن کا دریافت حال کریں - اور ان کے برابر نقشہ دیکھ کر صدقہ ادا کریں۔ تو میں نے عرض کیا اگر مریض کے بیماری کا پہلا دن نا معلوم ہو تو پھر کیا کرنا چاہیئے؟ تو آپ نے فرمایا مریض کے نام کے عدد اور اس کی والدہ کے نام کے عدد نکال کر دونوں کو جمع کریں اور پھر سات پر تقسیم کریں - جو باقی بچے وہ دونوں پر تقسیم کریں -

اگر ایک بچے تو شنبہ ہے - یعنی کہ ہفتہ - اگر دو بچیں تو یک شنبہ یعنی اتوار - اگر تین بچیں تو دوشنبہ یعنی سوموار - اگر چار بچیں تو سہ شنبہ یعنی منگل وار - اگر پانچ بچیں تو چہار شنبہ یعنی بدھوار - اگر چھ بچیں تو پنجشنبہ یعنی جمعرات - اور اگر برابر ہو تو آدنی یعنی جمعہ ہے - ان ناموں کو یہاں ملا کر دریافت حال مرض کرلے

۱- روز شنبہ (ہفتہ): روز شنبہ جو کوئی بیمار ہو اس روز کا عامل زحل ہے - اور بیمار پر آٹھ دن بہت ہی گراں ہیں - بیماری اس کی غم یا تلخہ یا چشم کا زخم ہے - علامت: سر پھرے گا - اور بدن کانپے گا - اور سارا جسم عاری ہوگا - اور تشنگی ہوگی - نیند کم آویگی - اور اگر لڑکا بیمار ہو تو تمام دن رات روئے گا - اور دودھ دیکھ کر منہ موڑے گا - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی دودھ پلائی نے اس کو کسی غیر عورت کے سامنے دودھ پلایا ہے - بچے کو نظر ہو

گئی ہے۔ سات روز گراں ہیں۔ صدقہ ماش سیاہ سوا پاؤ اور جامہ سیاہ سوا گز اور تھوڑا لوہا محتاجوں کو دے۔ اور ایک تعویذ نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے۔ شب شنبہ کو اگر بیماری ہو تو بیماری اس کی سایہ پری کی ہے۔ صدقہ کسی جانور سیاہ رنگ اور چا گز کپڑا اور کپڑے کے ایک گوشے میں تھوڑے کوئلے اور ایک میں تھوڑا سا لوہا اور ایک طرف ہلدی اور ایک میں روئی باندھ کر کسی کو دے اور ایک تعویذ نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے

۲۔ روز یک شنبہ (اتوار) اس روز کا عامل آفتاب ہے۔ بیمار چودہ روز تک بہت علیل ہوگا۔ آخر صحت ہوگی۔ بیماری اس کی بہ سبب برہنہ ہونے کے یا باعث کھانے طعام سفید کے ہے۔ علامت اس کی یہ ہے کہ خود سر اور بدن اس کا گرم ہوگا اور تمام رات دن بے قرار ہوگا اور آنکھیں سرخ اور منہ زرد ہوگا۔ اور کسی سے بات نہ کرے گا۔ اور خواب میں ڈرے گا۔ چاول اور کپڑا بیمار کا پہنا ہوا یا سات روٹیاں تل سے چپڑ کر کسی محتاج کو دے۔ اگر شب یک شنبہ کو بیمار رہو۔ بیماری اس کی بہ سبب کالی پری یا کسی دیو کے ہے۔ علامت یہ ہے کہ بدن سست ہوگا۔ اور خواب میں ڈرے گا۔ اور دیکھے گا کہ کوئی شخص اس کے سامنے کھڑا ہے۔ اور کسی سے بات نہ کرے گا۔ صدقہ: سوا گز کپڑا زرد رنگ۔ اور ہلدی زردہ چاول پکا کر دیوے۔

۳۔ روز دوشنبہ (سوموار) اگر کوئی شخص بیمار ہو اس دن تو بت بیماری کی ہے بیمار پر پندرہ روز بیمار ہیں۔ بیماری اس کی بہ سبب نظر چیل یا کوا یا پری یا کھانے سفید کے ہے۔ علامت اس کی یہ ہے۔ درد سر اور سستی جگر اور تمام بدن میں درد اور اگر بچہ بیمار ہو۔ ام الصبیان ہے۔ ام الصبیان نام ایک دیونی کا ہے کہ لڑکے کو دودھ پلاتی جاتی ہے۔ اس سبب سے لڑکا کسی عورت کا دودھ نہیں پیتا۔ یہاں تک کہ ہلاک ہو جاتا ہے۔ صدقہ ہلدی اور سندھور لڑکے کے سر پر لگائی جاوے۔ چوراہے پر ایک مرغی سفید تل سوا پاؤ۔ ایک مرغ سفید اور تھوڑا سا تیل سوا ماشہ چاندی محتاجوں کو دے۔

۴۔ سہ شنبہ (منگل وار) اگر کوئی شخص بیمار ہو اس روز مریخ ہے۔ بیمار پر دس دن گراں ہیں۔ بیماری اس کی بہ سبب دیو کے ہے اور اس کے گھر میں آسیب ہے۔ یا اس کے گھر میں کوئی درخت ہے کہ اس پر کوئی آسیب ہے۔ اس کی نظر لگی ہے۔ علامت: جاگنے سے ناف اور شکم میں درد معلوم ہوتا ہے۔ اور تمام بدن کا نپتا معلوم ہوتا ہے۔ اور نیند نہیں آتی۔ صدقہ سوا گز کپڑا سرخ رنگ اور مسور سرخ اور برنج اور کنجد اور چند گل انار۔ اور ایک کپڑا مریض کے بدن کا اور سیر آرد گندم، اور گھی سوا سیر ایک مرغ سرخ مریض کو دکھا کر مستحق کو دے۔ اگر لڑکا بیمار ہو تو نظر ڈائن اور بد نظر لگی ہے۔ صدقہ: شیر اور برنج پکا کر کپڑا سرخ ہمراہ شیر برنج کے رکھے۔ اور کسی محتاج کو دے۔ اگر

عورت حاملہ ہووے ۔ بیماری اس کی سبب سے ہے ۔ کہ رات کو کسی
ضرورت کے واسطے اٹھی تھی ۔ اس وقت دیو کھڑا تھا ۔ اس کی نظر پڑی
اور ڈر گئی ۔ علامت :۔ درد شکم، پیشاب میں بدبو اور سوتے میں
ڈرے ۔ تمام بدن میں کانٹے چبھیں ۔ صدقہ :۔ ایک بچہ کبوتر سیاہ
کا ذبح کرکے خون اس کا ناخنوں پہ لگائے اور گرم پانی سے دھووے
اور اس پانی کو چولہے میں ڈالے ۔ شب سہ شنبہ کو اگر بیمار ہو تو
بیماری اس کی بہ سبب خوف یا سردی یا نظر دیو پری کے ہے ۔ تھوڑی
اجوائن کھائے ۔ صدقہ جامہ سفید یا سیاہ اور ایک مرغ اور
سوا ماشہ چاندی کسی کو دے

۵ ۔ چہار شنبہ بدھوار اگر اس روز کو بیمار ہو ۔ اس روز عطارد ہے ۔
بیمار پر پندرہ روز گراں ہیں ۔ بیماری اس کی اس
سبب سے ہے کہ کسی بزرگ کی نذر مانی تھی ۔ اور ادا نہیں ہوئی ۔ یا
اگر کوئی رنج دل میں ہے ۔ **علامت** :۔ دردسر، سینہ و پشت، صدقہ:
روغن والی روٹی پکا کر چار گز کپڑا اور تھوڑی سی چاندی ایک
انڈا مرغی کا اور ایک مرغ سفید اور اگر ممکن ہو تو سوا پاؤ گوشت
چیلوں کو دے ۔ سوا پاؤ چاول اور سوا پاؤ تل سیاہ محتاجوں کو دے
اگر لڑکا بیمار ہو تو اس کی دودھ پلانے والی نے ایک عورت کے
سامنے دودھ پلایا ہے ۔ علامت یہ ہے کہ لڑکا دودھ نہ پیئے
اور سست رہے ۔ صدقہ :۔ ایک چراغ آٹے کا چار رویہ بنائے
اور گھی ڈال کر چاروں طرف اس کی بتی جلا دے اور میں ڈالے
اور نمک اور موٹھ اور برنج محتاجوں کو دے ۔ اگر شب چہار شنبہ

کو بیمار ہو ۔ بیماری اس کی بہ سبب غم کے ہے ۔
صدقہ : سوا پاؤ برنج ۔ ایک مرغ اور کپڑا مریض کے بدن کا اور سوا
پاؤ کی دو روٹیاں کسی محتاج کو دے ۔

روز پنج شنبہ جمعرات اگر اس روز کو بیمار ہو تو یہ روز مشتری ہے ۔ مریض پر
دس روز گراں ہیں بیماری اس کی اس سبب سے ہے
کہ کسی روز برہنہ غسل کیا ۔ ننگا بدن کسی پری کو اچھا معلوم ہوا یا آدھی رات
کو پانی پینے یا پیشاب وغیرہ کو اٹھا ہے اور نظر پری کی پڑی ہے ۔ علامت
اس کی یہ ہے کہ دردسر اور درد ناف رہے اور سوتے میں ڈرے اور
آنکھ خراب ہوتی جاوے ۔
صدقہ : سرخ مرغ اور جامہ زرد ۔ تل سرخ و سیاہ اور تھوڑی مہندی
کی پتی اور سوا پاؤ گندم اور تھوڑی چاندی صدقہ دو ۔
اگر لڑکا بیمار ہے ۔ ام الصبیان نے دودھ پلایا ہے ۔
علامت یہ ہے ۔ کہ بچہ اپنی ماں کا دودھ نہیں پیتا ۔ اگر کچھ پیتا ہے
تو فوراً قے کر دیتا ہے ۔ اور بلحاظ رنگ سبز اور زرد ہوا جاتا ہے ۔
اور گھڑی گھڑی لاغر ہوتا جاتا ہے ۔
صدقہ : ایک چراغ جو کے آٹے کا بناوے اور چار طرف اس کے
بتی جلاوے ۔ کھیر پکا کر مریض کو دکھا کر دریا میں چھوڑ دے ۔
شب پنج شنبہ کو اگر بیمار ہووے ۔ سبب اس کا شر دیو یا پری
ہے کہ رات کو چلتے وقت کسی پری کو رفتار اچھی معلوم ہوئی ۔
علامت : اعضاء شکنی اور سستی بدن اور پیڑوں میں درد ہو ۔
صدقہ : ایک سیاہ بکری کا بچہ، آرد جو سوا سیر، نمک و تل کا تیل

سوا چھٹانک کسی محتاج کو دیوے۔

۷۔ آدنی جمعہ اس روز کو بیمار ہو۔ اس روز زہرہ ہے۔ بیمار پر گیارہ روز شدت کے ہیں۔ اس کی بیماری کا سبب غلبہ جود کے ہے یا کسی جگہ خود بخود گر پڑا ہے۔ وہاں جن تھا۔ اس کا دھکا لگا ہے۔ علامت: کاہلی بدن اور سر درد ہووے اور خواب میں ڈرے اور آنکھیں سرخ ہو جاویں۔

صدقہ: خاک چوراہے کی یا خاک مرگھٹ کی لے کر سفید بکرے کے خون میں تر کر کے اور ایک چراغ ماش کے آٹے کا بناوے اور تھوڑا سا سندھور اور تھوڑی سی ہلدی لے کر ان سب چیزوں کو ایک سیاہ کپڑے میں باندھے۔ اور کوری ہانڈی میں رکھ کر دریا میں ڈالے اور ایک روٹی سوا پاؤ آٹے کی پکا کر روغن زرد (گھی) شکر سوا پاؤ رکھ کر تھوڑی چاندی اور سوا گز کپڑا سفید کسی کو دوے۔ اگر لڑکا بیمار ہووے۔ اس کو صدقہ دیو یا پری یا کھانے دودھ چاول یا نہاتے کے سبب ہے۔

علامت: درد سر یا زانو۔ اور آنکھوں سے پانی جاری ہوگا اور چہرہ زرد ہوگا۔ دودھ نہ پیئے گا۔ کوے یا مرغ کی دم کے بال لے کر جلاوے۔ اور دھواں اس کا بدن پر پہنچاوے اور کھیر پکا کر محتاج کو دوے۔

شب جمعہ کو اگر بیمار ہو تو بیماری اس کا صدمہ یا دیو یا پری کا ہے۔

صدقہ: روغن کنجد (تل کا تیل)، دال ماش دال نخود دال مسور یا کوئی جانور سفید یا سیاہ، قدرے چاندی، اگر ممکن نہ ہو تو ایک روٹی ڈھائی پاؤ

پاؤ کی روغن گاؤ سے تر کر کے سفید شکر ڈال کر اور کپڑا سفید اور ایک انڈا مرغی کا اور ایک کوزہ تازہ پانی کا کسی محتاج کو دو۔

نقش پر کرنے کا طریقہ

ایک دن کا ذکر ہے۔ کہ میں نے باباجی سے دریافت کیا۔ کہ بعض نقش لکھے جاتے ہیں۔ لیکن ان کا اثر نہیں ہوتا۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا۔ وہ غلط طریقہ سے پُر کئے جاتے ہیں تو میں نے عرض کیا۔ صحیح طریقہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ ہندسوں کا نقش اس طریقہ پر پُر کریں۔ اور لفظوں کا نقش اس طریقہ سے پُر کریں۔ اور لفظوں کا نقش اس طریقہ سے پُر کیا جائے۔ جس کے عدد کم ہوں۔ اس کو پہلے لکھیں۔ اور جس کے زیادہ ہوں اس کو بعد میں لکھیں۔ دونوں نقشے دیکھیں۔

صحیح طریقہ نمبر ۱

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

صحیح طریقہ نمبر۲

۷۸۶

ی	ا	و
ج	ہ	ح
د	ط	ب

عامل کو لازم ہے کہ ان نقشوں کا خیال رکھیں۔ جس طریقہ سے یہ نقش پُر کیا گیا ہے۔ اسی نقشہ پر کریں۔ جیسے ا نمبر۱۔ ب نمبر۲۔ ج نمبر۳ د نمبر۴۔ ہ نمبر۵۔ و نمبر۶۔ ح نمبر۸۔ ط نمبر۹۔ ی نمبر۱۰۔ اسی طریقہ سے ہندسوں کا نقش بھی پر ہوتا ہے۔

جو بزرگوں کے نام کا نقش ہوتا ہے۔ اس کو ان کی بزرگی کے اندازے سے پُر کیا جاتا ہے۔ یعنی اللہ کا نام پہلے اور محمدؐ کا نام بعد اسی طرح حضرت علیؓ کرم اللہ وجہٗ، حضرت صدیق اکبرؓ، حضرت عثمانؓ غنی۔ حضرت عمر فاروقؓ خطاب۔ یہ طریقہ یاد رکھیں۔ اور بزرگوں کی شان کے مطابق نام لکھے جائیں۔ میں امید کرتا ہوں انشاءاللہ ہمارے نقشوں کا تجربہ کبھی خام نہیں جاتا۔ میں آج سے پندرہ سال پہلے سے تجربہ کر رہا ہوں:۔

چور پکڑنے کا طریقہ

میں نے عرض کیا باباجی! بعض لوگ دوسروں کا مال چُرا کر لے

جانتے ہیں۔ لیکن دریافت حال نہیں ہوسکتا۔ یہ کونسا طریقہ ہے کہ چوروں کا دریافت حال کیا جائے۔ آپ نے ارشاد فرمایا یہ بہت سے طریقے ہیں۔ میں نے عرض کیا آسان آسان طریقے ارشاد فرمائیں۔ تو آپ نے فرمایا جس جگہ سے مال چوری ہوا ہو اسی جگہ عامل کو لازم ہے کہ سات بار بلند آواز سے آذان پڑھے۔ اور امید ہے انشاءاللہ مال فوراً مل جائے گا اگر ملے نہ تو صحیح پتہ ضرور چل جاتا ہے

دوسرا طریقہ:۔ عامل کو لازم ہے۔ ایک صاف ستھرا لوٹا لے کر سامنے ایک سائل کو بٹھالے اور لوٹے کے گلے کو دونوں شہادت کی انگلیوں سے پکڑ کر اٹھالیں۔ اور سورہ یٰسین پڑھنا شروع کرے پہلی مبین پر پہنچتے ہی لوٹا گھوم جائے گا۔ چور کا نام لکھ کر اس لوٹے میں ڈال لیں۔ جن جن آدمیوں پر شبہ ہو ان کے علیحدہ علیحدہ نام لکھ کر پہلے ہی پاس رکھیں۔ اور بار بار سورۃ تلاوت کرتا جائے ناموں کو ڈالتا جائے۔ حتیٰ کہ جو چور ہے اس کے نام پر لوٹا ضرور گھومے گا۔ لیکن شرط یہ ہے عامل کو یٰسین کا عمل ہونا چاہیئے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے بعد نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر اور خوشبو وغیرہ لگا کر مسند پر بیٹھ جائیں۔ اول آخر درود شریف پڑھ کر سورۃ یٰسین کو شروع کرکے دوسری مبین پر ختم کرے اور دوبارہ شروع سے شروع کرکے تیسری مبین پر ختم کرے اور پھر شروع سے شروع کرکے چوتھی مبین پر ختم کرے۔ علیٰ ہذا القیاس ساتویں مبین تک اسی طرح پڑھے اور اسی طریقہ سے تین بار پوری سورۃ تلاوت کی جائے اکیس دن تک بلاناغہ چلہ کیا جاتا ہے۔ لیکن دوران چلہ میں کسی قسم کا کوئی

خطرہ نہیں ہے۔ صرف پرہیز کی ضرورت ہے۔

تیسرا طریقہ :۔ عامل کو لازم ہے کہ پہلے سائل سے وضو کروا لے۔ پھر سائل درود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کر اور جن پر شبہ ہو ان کا دل میں تصور کرے ان لفظوں کے خاکہ پر شہادت کی انگلی رکھیں جس سبق پر انگلی پڑے اس کا احوال دیکھ لیں کہ چور کون ہے۔

دس	طن	ح ل
لا ز	ا د	ی ع
ج م	ب ک	م ج

(۱) دس :۔ سفید یا سیاہ رنگ کا آدمی ہے۔ وہ تمہارا دشمن ہے یا تمہارے دشمن کا نوکر ہے۔ پست قد، لب باریک، اس کا مکان پورب کی طرف ہے۔ مگر چور پھر آئے گا۔ اور تمہارا مال مل جائے گا۔

(۲) طن : چور کا رنگ گندمی ہے۔ قدم راست پر نشان ہے۔ چور دکن کی طرف گیا ہے۔ چور کو پکڑنا اور مال ملنا مشکل ہے۔

(۳) حل : چور کا رنگ سیاہ اور پیشانی پہ نشان ہے۔ اس کا گھر جنوب کی طرف ہے اور جنوب کی طرف ہی بھاگا ہے۔ خوب تلاش کرو۔ مل جائے گا۔

۴۔ ی ح :۔ چور کا رنگ زرد ہے۔ اس کے دائیں یا بائیں بازو پہ نشان ہے۔ وہ تمہارا محبوب ہے۔

۵۔ م ج : چور کا رنگ گندمی ہے۔ داہنے پاؤں پہ نشان ہے۔

تلاش کرو۔ مال مل جاوے گا

(۶) لا ز : چور مرد ہے۔ جس کا رنگ سیاہ ہے۔ وہ خود تمہارا دشمن ہے۔ اور تمہارے دشمن کا دوست ہے۔ محلے والوں سے مل کر کوشش کرو۔ چوری مل جاوے گی۔ مگر مال نہیں ملے گا۔

(۷) ج م :۔ چور مرد ہے۔ اور رنگ اس کا گندمی ہے۔ مال ملنے کی امید نہیں۔

(۸) ب۔ک : چور عورت ہے۔ جس کا رنگ زرد ہے۔ منہ زیادہ چوڑا ہے۔ قد بڑا۔ داہنے ہاتھ پر زخم یا داغ ہے۔ مگر وہ واپس آئے گا۔ چور بیگانہ نہیں۔ گم شدہ مال مل جائے گا۔ ضرور تلاش کرو۔

۹۔ ا د : چور کے بدن کا رنگ زرد ہے۔ پست قد اور موٹا ہے۔ اس کے بائیں پاؤں پر نشان ہے۔ کوشش کرو گیا ہوا مال مل جائے گا۔

دیگر طریقہ :۔ جب چور کا پتہ نہ چلے تو عامل کو لازم ہے کہ پاک صاف کپڑے پہن کر بعد نماز عشاء دو رکعت نماز ادا کرے جو پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف سورۃ الشمس سات بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ واللیل سات بار پڑھے اور بعد سلام کے ایک سو ایک بار درود شریف پڑھے اور اس نقش کو لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھ کر سو رہے تو چور کو خواب میں دیکھے گا اور پہچان بھی لے گا۔ کہ چور کون ہے۔

نقش مبارک اگلے صفحہ ہے

٧٨٦


و	ل	ر	ص
ل	م	ص	١٠
م	ص	ا	ل
ص	ا	ل	م

دیگر:- پانی پینے کا ایک پاک و صاف کٹورا لے کر اس کے درمیان یہ لکھیں۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیمِ ٥

والطور و کتاب مسطور فی رزق منشور والبیت المعمور والسقف المرفوع والبحر المسجور ان عذاب ربک لواقع (سورہ طور پارہ نمبر ٢٧)

چاندی کی دو انگوٹھیاں لے کر اس کٹورا میں ڈالیں۔ پھر کٹورا کی پیشانی پر یہ نقش تحریر کریں۔ اور جوار، مکی یا چنے کے دانے ایک مٹھی لے کر مارتے جائیں۔ تو چور کے نام پر کٹورا گھومے گا۔ جن جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو۔ ان کو ارد گرد بٹھا لیں۔ چور کی طرف خود بخود کٹورا گھوم جائے گا۔ اگر شبہ والے آدمی موجود نہ ہوں تو ان کے نام کاغذ پر لکھ کر ایک ایک نام کٹورا میں ڈالتے جائیں تو سورۃ یٰسین پڑھتے جائیں۔ جب چور کا نام آئے گا۔ تو کٹورا ضرور گھومے گا۔ انشاء اللہ

نقش مبارکہ اگلے صفحہ پر دیکھیں



بے اولاد عورتوں کی بیماری اور علاج

ایک دن میں نے باباجی کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ بعض مریض دیکھنے میں آئے ہیں۔ کہ صحت تو اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اور اولاد نہیں ہوتی۔ تو باباجی صاحب نے فرمایا کہ میں نے بھی یہ بات اپنے پیر صاحب سے دریافت کی تھی۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے اپنے پیر سے سنا ہے۔ کہ ایک دن حضرت سلیمان علیہ السلام تخت پر بیٹھے ہوئے تھے۔ بہت سی عورتیں بے اولاد حضرت کے دربار میں حاضر ہوئیں۔ تو عرض کیا۔ حضرت ہمارے ہاں اولاد پیدا نہیں ہوتی تو حضرت نے فرمایا اب ٹھہر جاؤ۔ پریوں کو بلاتا ہوں۔ اور دریافت حال مرض کرتا ہوں۔ تو پھر آپ کو بتاتا ہوں حضرت سلیمان علیہ السلام نے پریوں کو طلب کیا۔ اور بے اولاد عورتوں کا حال دریافت کیا۔ تو پریوں نے عرض کی کہ حضرت سات مرض رحم میں ہوتی ہیں۔ جس کی وجہ سے اولاد پیدا نہیں ہو سکتی۔ تو حضرت نے فرمایا۔ کہ مرض بھی بتاؤ۔ اور ساتھ ساتھ علاج بھی بتاؤ

تو پریوں نے عرض کی آپ سنو۔ مرض یہ ہیں

۱- یہ کہ عورت کا رحم پھرا ہوا ہوتا ہے۔ اس واسطے نطفہ اپنی جگہ پر نہیں جاتا۔

۲- رحم میں ہوا بھری ہوئی ہے۔ تخم کو اپنی جگہ پر جانے کا راستہ نہیں ملتا۔

۳- یہ کہ رحم کے منہ میں گوشت زیادہ ہونے کی وجہ سے رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ اس لئے تخم اندر نہیں جا سکتا۔

۴- یہ کہ رحم میں کیڑے پڑے ہوتے ہیں۔ وہ تخم نگل جاتے ہیں۔

۵- یہ کہ رحم میں گرمی ہوتی ہے۔ اس لئے خون میں مل جاتا ہے۔ تخم اس لئے نہیں ٹھہرتا۔

۶- یہ کہ رحم میں سردی ہوتی ہے۔ اس لئے تخم پختہ نہیں ہوتا۔

۷- یہ کہ عورت کو آسیب دیو یا پری ہوتا ہے۔ وہ تخم کو مارتا ہے۔

شناخت

کہ جس وقت آدمی عورت سے مجامعت کرتا ہے۔ اگر عورت کا سر درد کرے، رحم پھرا ہوتا ہے۔ اگر اس وقت منہ کانپے تو معلوم کرنا چاہیئے۔ کہ رحم میں ہوا بھری ہوتی ہے۔ اگر اس وقت ہڈیاں درد کریں تو معلوم کرنا چاہیئے۔ کہ رحم میں گوشت زیادہ ہے۔ اگر پاؤں کی پنڈلیاں درد کریں تو رحم میں کیڑے پڑے ہوئے ہیں۔

اگر کسی جگہ درد نہ ہو تو دیو یا پری کا آسیب ہوگا۔

اگر رحم کا منہ الٹا ہوا ہو تو وافر پہیہ زہرہ مرغابی دونوں کو ایک جگہ ملائیں۔ اور شافہ بنا کر تین روز تک شافہ کریں اور پھر خاوند کے پاس عورت جائے تو فرزند پیدا ہوگا۔

اگر رحم میں ہوا بھری ہو۔ تو انگوزہ پیسی ہینگ خالص تلوں کے تیل میں ملا کر حیض کے بعد تین روز تک شافہ کریں۔ حمل ٹھہر جائے گا۔

اگر رحم کا گوشت زیادہ ہو تو زیرہ سفید اور ہاتھی کے ناخن روغن زرد میں ملا کر بعد حیض کے تین روز شافہ کریں۔ حمل ہوگا۔

اگر رحم میں کیڑے پڑے ہوں تو صابن کا پانی اور بسی ہلیلہ کا حیض کے بعد ۲ دن تک شافہ کریں۔

اگر آسیب دیو پری کا ہو تو تعویذ مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر عقیمہ (بانجھ) کی کمر میں باندھے۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے حمل ہوگا۔ اور فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔ بعد اس کے باباجی صاحب نے بسم اللہ کا نقش پُر کرنے کی ہدایت کی۔ جس کو اس طریقے سے پُر کیا جاتا ہے۔ عامل کو لازم ہے۔ پاک صاف ہو کر اس نقش کو لکھیں۔ اور ہر لکیر پر ایک بار بسم اللہ شریف لکھتے ہوئے تین بار بسم اللہ شریف پڑھی جائے۔ اس نقش کو لکھ کر جب عورت حیض کے بعد پاک ہو تو ہر روز ایک نقش پلایا جائے ہر ماہ کے بعد سات نقش پلائے جائیں۔ اسی طرح چھ ماہ عمل کریں تو انشاءاللہ اولاد پیدا ہوگی۔ اور اس نقش کی اور بہت سی خوبیاں ہیں

اگر کوئی آدمی بے روزگار ہو۔ اس کو دائیں بازو پر باندھیں تو باروزگار ہوگا۔

اگر کوئی آدمی باروزگار ہے اور کمائی میں برکت نہیں۔ تو ایک نقش اپنے پاس رکھے اور دوسرا نقش جہاں پیسے رکھتا ہو وہاں رکھے

اگر کسی آدمی کی فصل خراب ہو جاتی ہو اور طرح طرح کی بیماری لگ جاتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر فصل بیجنے کے فوراً بعد روئی میں لپیٹ کر فصل کے درمیان دفن کرے۔ امید ہے انشاءاللہ فصل کو کوئی بیماری نہ آئے گی۔

اگر کسی دوکاندار کی دوکان میں بکری کی کمی ہو تو وہ شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے اور دوسرے کو گلے میں رکھے۔ تو انشاءاللہ اس کی برکت سے بہت سے گاہک آئیں گے۔ نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

نقش برائے احتلام

جس آدمی کو ہر روز احتلام ہو جاتا ہو۔ لیکن وہ نہیں جانتا کہ کونسی وجہ ہے۔ تو اس نقش کو لکھ کر صبح و شام پانی میں گھول کر استعمال کریں۔ نقش لکھنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ پاک و صاف ہو کر ہر لکیر پر بسم اللہ پڑھی جائے۔ اور ہر عدد پر بسم اللہ پڑھی جائے۔ اس کا لکھنا مشکل ہے لیکن یہ اندازہ کر لیں۔ کہ اس نقش میں کون کون سے بزرگوں کے نام بلند ہیں۔ اور کن کے چھوٹا درجہ رکھتے ہیں۔ اسی ترکیب سے اس کو پر کیا جاتا ہے۔ لیکن باوضو بعد نماز مصلے پر ہی بیٹھ کر لکھا جاتا کسی اور جگہ پر لکھنا ناممکن ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

اَعُوذُ بِاللّٰہِ	مِنَ الشَّیْطٰنِ	الرَّجِیْمِ	بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ	یا اللّٰہُ	یا محمد ﷺ	یا علی ؑ
یا صدیق ؓ	یا عثمان	یا عمر	یا عمر

نقش برائے مرگی

عامل کو لازم ہے کہ اس نقش کو بھی احترام سے نقش کے مطابق لکھیں۔ جو

ہدایتیں اُن کی ہیں وہی ہدایت اس کی ہے:
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

عسق طسم	طٰسٓ	حٰم	نون
احد الملائک	کافی الملک	نافع	رحمان
محمد ابوبکر	رب الملک	اللہ	کفیل
بعد ان الفاظ کو تین بار پڑھیں اور پھونک ماریں اور اسی ترکیب سے تین پھونکیں ماریں تو پھر مریض سے دریافت حال کریں۔ اگر کچھ درد باقی ہے تو اسی طریقے سے دوبارہ دم کریں۔

اگر کوئی چاہے۔ کہ میں دنیا کی نظروں میں مقبول ہو جاؤں اور ہر مرض سے محفوظ رہوں تو پاک صاف کپڑے پہن کر بعد نماز عشاء جہاں بیٹھے وہاں روشنی نہ ہو۔ تو آپ اپنے اردگرد چاقو سے آیۃ الکرسی پڑھتا ہوا لکیر کھینچ لے تو چند بار درود شریف پڑھ کر آیۃ الکرسی ہزار بار پڑھیں۔ اسی طرح ۴۱ دن تک پڑھتا رہے تو امید ہے انشاء اللہ وہ عامل دنیا کی نظروں میں مقبول ہو جائے گا۔ ہمارا بار بار کا تجربہ ہے۔

فضیلت سورۃ یٰسین

بابا جی سے سنا ہے کہ ہر چیز کا دل ہوتا ہے۔ اور قرآن پاک کا دل یٰسین ہے۔ اس کو ہر مشکل کے لئے پڑھنا۔ مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ اس کے عدد ۴۴ ہزار ہیں۔ ان عددوں کا نقش پیچھے درج ہو چکا ہے۔ ہر بیماری کے لئے اس نقش کو استعمال کیا جاتا ہے۔ فتح نامہ کے لئے

اس کا نقش درجہ اوّل ہوتا ہے۔ لیکن اس کو زعفران سے لکھا جاتا ہے۔ اس کی زکوٰۃ اس طریقے سے ادا ہوتی ہے کہ نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر سورۃ کو شروع کرے اور پہلی مبین پہ پہنچے تو پھر پیچھے سے شروع کرے۔ اسی طرح ہر مبین پر پہنچکر واپس آئے اور شروع کرے۔ اس میں سات مُبینیں ہیں۔ اسی طریقہ سے سورۃ کو تین بار پڑھے۔ اور ۲۱ دن تک پڑھتا رہے۔ تو ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ اور انسان عامل بن جاتا ہے۔ تو پھر اگر چوری دریافت کرنی چاہے تو ایک لوٹا لے کر جس جس پہ چوری کا شبہ ہو علیحدہ علیحدہ کاغذ پہ نام لکھیں اور باری باری لوٹے میں ڈالے اور یٰسین کو پڑھنا شروع کرے۔ اور پہلی مبین پر ختم کرے۔ جب چور کا نام لے گا تو لوٹا گھوم جائے گا۔ اگر ان ناموں میں چور نہیں ہے۔ تو لوٹا نہیں گھومے گا۔ یہ تجربہ شدہ ہے۔ اگر کسی مریض کو بخار ہر روز آتا ہو جس کو کانپنے کا بخار کہتے ہیں تو کنواری لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر یٰسین پڑھنا شروع کرے اور ہر مبین پر گانٹھ (گرہ) دیں اور ختم پر پھونک ماریں۔ تو پھر مریض کے گلے میں ڈال دیں تو امید ہے۔ انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔ اسی طریقے سے واری کے بخار کا دھاگہ دم کیا جاتا ہے۔

اگر کوئی چاہے کہ اس کا دشمن ذلیل و خوار ہو۔ اور ظالم حاکم کو مہربان بنانا چاہے۔ تو سات دانے دائی کے لے کر ہر دانے پہ سورۃ یاسین پڑھے۔ جب مبین پہ پہنچے تو دشمن کا نام لے اور ہر دانے پہ ایک بار سورۃ پڑھی جائے۔ تو پھر ان دانوں

ان کے گھر میں یا ان کی گزرگاہ میں ڈال دیں۔

اگر کوئی چاہے کہ میں کسی کی زبان بندی کروں تو بعد نماز عشاء سورۃ یٰسین پڑھے۔ تو ہر مبین پر زبان بندی والے کا نام لے اور اسی طرح تین بار سورۃ پڑھے تو امید ہے ایسا عمل تین دن تک عمل کرنے سے زبان بند ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ شدید گناہ ہے۔

اسی طرح اگر کسی کو واپس بلانا ہو تو بعد نماز عشاء سورۃ یٰسین پڑھے تو ہر مبین پر بھاگے ہوئے کا نام لے اور اس کی والدہ کا نام۔ اور سورۃ کو تین بار پڑھے اور سات دن تک عمل کرے تو امید ہے انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آ جائے گا۔

اگر کوئی افسر اپنے افسر سے کام لینا چاہے تو سورۃ یٰسین کو بعد نماز عشاء پڑھنا شروع کرے۔ اور ہر مبین پر اس افسر کا نام لے اور اسی طرح تین بار سورۃ کو پڑھے۔ اور سات دن تک عمل کرے تو امید ہے انشاء اللہ وہ کام ہو جائے گا۔

فضیلت سورۃ الرحمٰن

یہ سورۃ پارہ ستائیس ۲۷ میں درج ہے۔ اس کے فائدے بھی بے شمار ہیں۔ اس کا نقش ابھی تک نہیں مل سکا۔ عامل کو لازم ہے کہ ہر مشکل کو آسان کرنا اس کا کام ہے۔ شام اور عشاء کے درمیان اس کو تین بار پڑھنا اور ۱۲ روز تک عمل کرنا اس کی زکوٰۃ ادا ہوتی ہے۔

اور ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ اگر کسی عورت کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ تو عامل کو لازم ہے۔ کہ نیلے رنگ کا دھاگہ لے اور اس دھاگے کی سات تاریں جمع کریں۔ اور پھر مریض کے ناخن سے لے کر بال تک لمبا دھاگہ ناپ لیں اور اس سورۃ کو پڑھنا شروع کرے۔ جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ جب اس آیت پر پہنچے تو گانٹھ دے۔ یہ آیت اس سورۃ میں ۳۱ بار آتی ہے تو پھر ایک بار سورۃ پڑھ کر اس دھاگہ کو دم کرے۔ جب مریضہ حاملہ ہو تو پھر اپنی کمر پر ناف کے اوپر سے باندھے اور نو ماہ تک باندھ رکھے۔ اور یہ دھاگہ پانی میں نہ بھیگے۔ جب لڑکے کی پیدائش ہو تو لڑکے کے گلے میں ڈال دیں۔ اسی طرح لڑکے کے گلے میں سات سال تک رہے۔

اگر کسی کو ہجیروں کی مرض ہو تو عامل کو لازم ہے۔ سیاہ رنگ اون کا دھاگہ لے اور ہجیروں کو گنے کہ کتنی تعداد ہے۔ اسی طرح ان الفاظ کی تعداد کریں کہ کتنے ہیں اور ایک ہجیر پر جمع ہوتے ہیں۔ اتنی تعداد پر گانٹھ دیں تو پھر دم کر کے مرھا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اگر کسی مریض کو چیچک نکلی ہے۔ گو بڑی ہو یا چھوٹی تو عامل کو لازم ہے۔ جب سورج نکلے۔ سورج کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے اور سورت کو پڑھنا شروع کرے۔ تو نیلے دھاگے پر دم کرے۔ اور اسی آیت پر گانٹھ دیتا جائے۔ تو پھر ایک بار سورۃ پڑھ کر دم کرے اور جس مریض کو چیچک نکلے تو اس کے گلے میں ڈال دے۔ تو امید ہے انشاء اللہ چیچک

ختم ہو جائے گی۔

فضیلت سورۃ واقعہ

یہ سورت کمال درجہ رکھتی ہے۔ ہر مشکل کو آسان کرتی ہے۔ جب کوئی انسان کسی مشکل میں مبتلا ہو۔ تو اس کو اسی طریقے سے پڑھیں۔ فجر کی نماز کے بعد ایک دفعہ اور پھر بارہ بجے پھر شام اور عشاء کے درمیان اسی طرح اکیس دن تک عمل جاری رکھیں تو امید ہے۔ انشاء اللہ ہر مصیبت آسان ہو جاتی ہے :۔

فضیلت سورۃ تغابن

یہ سورت بھی کمال درجہ رکھتی ہے۔ سپارہ نمبر ۲۸ میں درج ہے جبکہ بیماری کی وبا پھیل جائے۔ طاعون، چیچک، ہیضہ اور بھی طرح طرح کی بیماریاں پھیل جاتی ہیں۔ تو عامل کو لازم ہے اس سورت کو باوضو ہو کر بلند آواز سے گاؤں کے اردگرد پڑھیں۔ یا گاؤں میں چلتا ہوا پڑھتا جائے یا حیوان کی بیماری کے لئے آیت الکرسی پڑھ کر حیوانوں کے اردگرد لکیر ماریں۔ کوئی حیوان لکیر سے باہر نہ جا سکے۔ جو لکیر سے باہر جائے۔ وہ فوراً ہی مر جائے گا۔ تو اسی سورت کو بلند آواز سے پڑھتا ہوا سات چکر لگائے۔ تو اس کی برکت سے ہر بیماری ٹل جاتی ہے :۔

فضیلت سُورۃ مُزّمل

یہ سپارہ نمبر ۲۹ میں درج ہے۔ دن کو پڑھنا ہر مشکل کا حل ہے۔ اس میں خدا تعالےٰ نے اپنے حبیب کو بہت سے اشارے کئے ہیں۔ اس کی زکوٰۃ اس ترکیب سے ادا ہوتی ہے۔ بعد نماز عشاء اس کو سات بار پڑھا جائے۔ اور ان آیتوں پر وقف کرنا لازم ہے۔ اس ترکیب سے: رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ہ اس کو تین بار پڑھیں۔ اور پھر آیت کو وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ پانچ مرتبہ پڑھیں۔ اور اَسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط اس کو سات بار پڑھیں اور ۲۱ دن تک عمل جاری رکھیں۔ یہ ہر مشکل کو آسان کرتی ہے۔ اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو۔ تو عامل کو لازم ہے کواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا دھاگا لے کر مریضہ کے پاؤں سے لے کر سر کے بالوں تک ناپ لیں۔ تو ایک بار سورۃ پڑھ کر گانٹھ دیں۔ اسی طرح سات گانٹھیں دیں۔ اور مریضہ کو کمر پر باندھنے کی ہدایت کریں۔ پھر وہ نو مہینے تک باندھ چھوڑے۔ سوتک وغیرہ کا کوئی پرہیز نہیں۔

اگر کسی بچے کو اٹھرا ڈبہ کا نقص ہو۔ تو اسی طریقہ سے دھاگہ دم کیا جاتا ہے۔

فضیلت سورۃ والشمس

یہ سورۃ سپارہ نمبر ۳۰ میں ہے۔ جس عورت کا حمل گر جاتا ہو یا ہوتا ہی نہ ہو۔ تو عامل کو لازم ہے۔ کہ ایک چھٹانک دیسی گھی ایک چھٹانک اجوائن اور ایک چھٹانک کالی مرچ لے کر ان پر اکیس ۲۱ بار پڑھ کر دم کرے۔ اور مریضہ تھوڑا تھوڑا روزانہ نو ہفتے تک استعمال کرے۔ تو انشاء اللہ امید ہے صحت کامل نصیب ہو گی۔

فضیلت سورۃ والضحیٰ

اس کے بھی فائدے بے شمار ہیں اور اس میں نو ۹ کاف ہیں۔ جب کسی کو باری کا بخار ہو۔ تو کچا دھاگہ لے کر اس کے نو تار بنا لیں۔ اور اس سورۃ کو پڑھنا شروع کریں۔ تو ہر کاف پر گانٹھ دیں یعنی نو گانٹھیں دینا لازم ہے۔ پھر ایک بار سورۃ پڑھ کر اس دھاگے پر دم کریں۔ مریض کے گلے میں سورج نکلنے سے پہلے ڈال دیں۔ تو امید ہے انشاء اللہ وہی بخار ختم کرے گی

فضیلت سورۃ تبّت یدا

اس کے فائدے بھی بہت ہیں۔ یہ ابولہب کی ہلاکت کے لئے اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی تھی۔ اسی کی برکت سے ابولہب اور اس کی عورت ہلاک ہوئے تھے۔

اگر کوئی اسی طرح کسی کو ہلاک کرنا چاہے۔ تو بعد نماز عشاء چار رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ تو بعد فاتحہ کے اس سورۃ کو ہر رکعت میں اکیس ۲۱ دفعہ پڑھیں۔ تو ختم نماز کے بعد ایک سو ایک بار اسی سورت کو پڑھ کر سواہ (یعنی راکھ) کو دم کرے۔ تو پھر دشمن کے گھر ڈال دے۔ اگر گھر میں نہ ڈال سکے وہاں سے بیٹھا ہوا ادھر منہ کر کے پھینک دے۔ اس عمل کو پانچ جمعرات کریں۔ لیکن یہ عمل جمعرات کی رات کو ہوتا ہے۔ اور امید ہے۔ انشاء اللہ پانچ جمعرات کرنے سے دشمن ذلیل و خوار ہو جاتا ہے۔ ہمارا آزمودہ ہے۔ لیکن خواہ مخواہ اس عمل کو کرنا قریب کفر ہے۔ عمل کو بہت سوچ سمجھ کر کیا جائے۔

فضیلت سورۃ اخلاص

یہ سورۃ بھی کمال درجہ رکھتی ہے۔ اس کو تین بار پڑھنے سے

سارے قرآن کا ثواب ملتا ہے

اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو ۔ تو عامل کو لازم ہے اس سورۃ کو اکیس بار پڑھ کر مریضہ کو گیارہ دن تک پانی پلائے ۔ تو امید ہے ۔ انشاء اللہ یہ مرض جاتی رہے گی ۔

اگر کسی کو دیوانے کتے نے کاٹا ہو ۔ تو عامل کو لازم ہے ۔ کہ کیلے کا پانی لائے ۔ اور اس سورۃ کو اکتالیس ۴۱ بار پڑھ کر دم کرے تو پھر مریض کو یہ پانی اکتالیس ۴۱ دن تک پلایا جائے ۔ تو امید ہے انشاء اللہ مرض بالکل جاتی رہے گی ۔

فضیلت چند ورد

ورد برائے حب

اگر کوئی شخص کسی کے عشق میں مبتلا ہو تو اس کو لازم ہے شروع ماہ میں اتوار کے دن سورج نکلنے سے پہلے درخت ارنڈ کے پاس جائے تو ایک لکڑی توڑ دے ۔ اور اس کو چھوٹی چھوٹی توڑ کر سائے میں خشک کرے ۔ اور پھر اس کو ایک برتن میں ڈال کر جلائے ۔ تو اس آیت کو ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کرے ۔ تو پھر تھوڑی خاک کسی میٹھی چیز میں ڈال کر اپنے ہاتھ سے مطلوب کو کھلائے ۔ اگر دونوں میں جدائی ہو تو دونوں کو کھلائی جاتی ہے ۔ سپارہ نمبر ۱ رکوع نمبر ۶ ۔ آیت مبارک

یہ ہے ۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ط

ورد بے فرمان اولاد کیلئے

بے فرمان اولاد یا لونڈی غلام کے لئے لازم ہے ۔ کہ اس آیت کو پڑھ کر دم کیا جائے ۔ یا کسی چیز کو دم کر کے ان کو کھلایا جائے ۔ اسی طرح سات دن تک عمل کریں ۔ تو انشاء اللہ اولاد تابعدار ہو گی ۔ اسی ترکیب سے حیوانات کو بھی تابعدار بنایا جا سکتا ہے ۔ آیت یہ ہے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهٗ عَلَيْهِ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهٗ عَلَيْهِ ط

ورد بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

عامل کو لازم ہے ۔ کہ بعد نماز عشاء سورت والضحیٰ کو ایک سو ایک بار پڑھیں ۔ اور جب یہ الفاظ آئے تو بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لیں ۔ واپس آ جائے گا ۔ الفاظ یہ ہے ۔ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۔

ورد حل مشکلات

عامل کو لازم ہے۔ کہ بعد نماز عشاء اندھیرے میں بیٹھے۔ اور دونوں کپڑے پہنے۔ کہ وہ کپڑے سلے ہوئے بھی نہ ہوں۔ یا مہر فجر کی آذان سے بیشتر اس ورد کو پڑھا جاتا ہے۔ ایک چھوٹے سے برتن میں پانی قریب رکھ لیں۔ اور اس پانی کو ہاتھ سے ہلاتے رہیں۔ اور اس سبق کو پڑھتے جائیں۔ جب ہزار بار پورا ہو جاتے۔ تو تھوڑا سا پانی دائیں طرف پھینکیں نمبر۲ اپنے سامنے کی طرف نمبر۳ اپنے بائیں طرف نمبر۴ اپنے پیچھے کی طرف نمبر۵ آسمان کی طرف نمبر۶ زمین کے اوپر نمبر۷ اپنے چہرے اور اپنے تمام وجود کے اوپر۔ باقی بچا ہوا پانی خود پی لے اس عمل کو ۱۲ دن یا سترہ دن تک کیا جاتا ہے۔ کسی قسم کا خوف خطرہ نہیں۔ سبق مبارک یہ ہے:۔

"یا باسط"

دیگر ورد حل مشکلات

عامل کو لازم ہے۔ جب کوئی انسان کسی مشکل میں مبتلا ہو۔ تو لازم ہے بعد نماز عشاء جب لوگ سو رہیں۔ تو اندھیرے میں

بیٹھ جائے۔ اور اپنے ارد گرد چاقو سے آیۃ الکرسی پڑھ کر لکیر کھینچے۔ اور دونوں کپڑے ہی استعمال کرے۔ جو بغیر سلائی کے ہوں۔ اور دن کو روزہ بھی رکھے۔ اور اس عمل کو سات دن تک کیا جائے۔ اور سبق صرف آیۃ کریمہ ہے۔ ایک ہزار بار کھڑے ہو کر پڑھیں۔ تو امید ہے۔ انشاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی:۔

آیت کریمہ یہ ہے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

وِرد برائے ہر مشکل

اگر کوئی انسان چاہے۔ کہ میں یہاں سے وہاں پر تبدیلی کرا لوں یا دشمن کو دوست بنا لوں یا کاروبار کو بڑھا لوں یا بڑھے ہوئے کاروبار کو وسیع کر لوں۔ یا کوئی عورت چاہے کہ میں اپنے مالک کے ظلم سے محفوظ رہوں۔ تو اس آیت مبارک کو ایک سو بار صبح شام پڑھے۔ اگر اس کی زیادہ تعداد کرتا جائے۔ تو اسی ترکیب سے کام بھی زیادہ بڑھتا جائے گا۔

آیت مبارک سورۃ توبہ کے آخر کی آیت ہے۔ یہ سورۃ دسویں سپارہ سے شروع ہوتی ہے۔ اور گیارہویں

سپارہ میں ختم ہوتی ہے :-
آیت مبارک یہ ہے : حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

وِردِ ۱ بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر کسی عورت کا مالک یا کوئی بھی اور لاپتہ ہوگیا ہو۔ تو اس کو لازم ہے۔ کہ اس کا صاف کاغذ پر نام لکھے اور اس کی والدہ کا۔ اسی طرح پانچ بار کاغذ پر لکھ کر اس کی بتی بنا لیں۔ اور اس بتی کو پیر کے دن صبح کو آگ لگا کر جلا دیں اسی طرح پانچ پیر وہ بتی جلاتی رہے۔ اور اس سبق مبارک کو پانچ سو بار روزانہ پڑھے۔ تو امید ہے انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آ جائے گا۔ اور کم تعداد تین سو بار پڑھا جاتا ہے۔

سبق مبارک یہ ہے :-
اَنْتَ رَبِّیْ عَلٰی تَحْقِیْقٍ ط نَجِّنِیْ عَنْ یَا اَلْحَقُّ الْمُفِیْقُ ط

دوسرا وِرد ۲

اس کی تعداد بھی پانچسو بار ہے۔ اس وِرد میں بتیاں نہیں جلائی جاتیں۔ اور اس کو بھی سوا ماہ تک پڑھا جاتا ہے۔ اور سبق مبارک یہ ہیں۔ اللّٰہ احد، اللّٰہ الصمد ط

وِرد ۳

اس کو اس ترکیب سے پڑھا جاتا ہے۔ کہ بعد نماز عشاء تین سو تینتیس ۳۳۳ بار اور ہر سو کے بعد بھاگے ہوئے کا نام لیا جاتا ہے۔ اور اس کی والدہ کا نام بھی۔ اس کو اکیس دن تک یا سترہ دن تک پڑھا جاتا ہے۔ سبق مبارک یہ ہیں:-
یَا اَکْرَمَ الْخَلْقِ مَا لِیْ مِنْ اَعُوْذُ عِنْدَ خُوْدُ لُوْدُ لِلْحَاشِلِ عِمَّی ط

وِرد دشمن کو دوست بنانا

(یا اس کو ذلیل و خوار کرنا)

ختم:- اس کو پڑھ کر اپنے دائیں طرف پھوک مارے۔ پھر آگے پھر بائیں طرف، پھر پیچھے، پھر آسمان کی طرف، پھر زمین کی طرف۔ اور آخر اپنے ہاتھوں پر پھوک مار کر جس کام کے لئے جائے تو کام ہو جائے گا۔

دوسرا طریقہ:- یہ بھی ہے۔ پہلی آیت کو پڑھ کر چھوٹی انگلی بند کرے۔ پھر تیسری، پھر چوتھی، پھر پانچویں جہاں پر جاتا ہو۔ وہاں پہنچ کر ہاتھ کو کھول دے۔ اگر دشمنوں کو ذلیل و خوار کرنا ہو تو پھر اس آیت کو اس سوا ایک بار بعد نماز عشاء پڑھا جاتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں

صفحہ ۱۲۲ پر

۱۔ اُنصُرْنَا فَاِنَّکَ خَیرُ النَّاصِرِیْنَ ط
۲۔ وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیرُ الفَاتِحِیْنَ ط
۳۔ وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیرُ الغَافِرِیْنَ ط
۴۔ وَارْحَمْنَا فَاِنَّکَ خَیرُ الرَّاحِمِیْنَ ط
۵۔ وَارْزُقْنَا فَاِنَّکَ خَیرُ الرَّازِقِیْنَ ط
۶۔ وَاھْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ط

وِرد مُردے کو دیکھنا اور حال سے آگاہ ہونا

اگر کوئی چاہے۔ کہ میں اپنے فلاں مردہ کو دیکھ سکوں۔ اور اس کو عذاب ہے یا ثواب ہے۔ تو اس کو لازم ہے۔ کہ اس کی قبر کے اوپر جائے۔ اور دائیں طرف بیٹھ کر اس سبق کو ایک سو ایک بار پڑھے۔ پھر بائیں طرف، اور پھر دائیں پاؤں کی طرف پھر بائیں طرف۔ اسی طرح تین دن عمل جاری رکھیں تو مردہ اس کو خواب میں مل کر دریافت حال بتلائے گا۔ اگر اس کی قبر معلوم نہیں تو گھر میں چارپائی کو قبر تصور کرلے۔ اور پھر اسی ترکیب سے عمل کرے۔ لیکن گھر میں دو رکعت نفل پڑھنا ضروری ہے۔ اور فاتحہ کے بعد قل شریف پڑھنا لازم ہے۔ سبق مبارک یہ ہے:۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ ط

وِرد حمل کا نہ ہونا

اگر کسی عورت کو حمل نہ ہوتا ہو۔ تو اس کو لازمی ہے۔ نوچندی جمعرات کو مرد اور عورت دونوں روزہ رکھیں۔ اور دودھ کی کھیر پکا کر اس کے اوپر سورۃ مزّمل کو ۴۱ بار پڑھ کر چاولوں کو دم کریں۔ تو ان چاولوں (کھیر) سے روزہ کھولیں۔ اور پھر اسی رات کو ہمبستر ہوں۔ اگر کسی کو قے آجائے۔ تو پھر وہ سمجھ لیں کہ ہم نصیب ہیں۔ اگر کسی کو قے نہ آئے۔ تو پھر اس عمل کو تین ماہ کیا جائے۔ تو امید ہے انشاء اللہ حمل برقرار رہے گا۔

وِرد برائے قید سے رہائی

اگر کوئی انسان قید ہو گیا ہو یا کسی مشکل میں مبتلا ہو گیا ہو۔ تو اس کو لازم ہے۔ اس آیت کو ایک سو گیارہ بار صبح شام پڑھے۔ تو امید ہے انشاء اللہ ہر مشکل سے نجات پائے گا۔ سبق مبارک یہ ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ط

ورد برائے بد نظر

اگر کسی کے مال کو یا کسی باغ یا کسی فصل کو نظر بد کا اندیشہ ہو۔ تو اس سبق کو صرف گیارہ بار پڑھ کر دم کیا جائے۔ تو امید ہے۔ انشاء اللہ بد نظر سے محفوظ رہے گا۔ سبق مبارک یہ ہیں

مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم ط

ورد ظالم حاکم کو مہربان بنانا

اگر کسی کو ظالم حاکم کے روبرو پیش ہونا ہو تو جب گھر سے چلے۔ یا وہاں ہی پہنچ کر اس آیت مبارک کو پڑھ کر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کرے۔ اور اسی طرح ایک ایک بار پڑھ کر باری باری انگلیوں کو بند کرتا جائے۔ اور مٹھی زور سے بند کرے۔ اور جب اس کے سامنے ہو تو یکدم انگلیوں کو (مٹھی کو) کھول کر سلام کرے۔ امید ہے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے وہ حاکم مہربان ہو جائے گا۔

سبق مبارک (سپارہ ۱ رکوع آخری) یہ ہیں:۔

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم ط

ورد برائے ہیضہ

جب کسی کو ہیضہ ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ سورت یٰسین کا ورد پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس میں کالی مرچ اور نمک ڈال کر پی لیں۔

آیت یہ ہے :۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْم ط

ورد برائے بواسیر

جس کو بواسیر ہو۔ اس کو چاہیئے۔ کہ صبح کی نماز سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ اور دوسری رکعت میں سورۃ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ پڑھے تو امید ہے یہ عمل کرنے سے بواسیر ختم ہو جاتی ہے۔

فضیلت دم

یہ دم آج تک کسی کتاب میں درج نہیں ہوئے اور بابا جی نے فرمایا کہ ہمارے خاندان میں جو شاہ دولا ولی ہوئے ہیں وہ غوث پاک کے مرید تھے۔ انہوں نے یہ دونوں دم تجویز فرمائے۔ آج تک سینہ بسینہ مجھ گنہگار تک پہنچے ہیں

تو میں خلق خدا کی بھلائی کے لئے اس کتاب میں درج کر رہا ہوں۔
دونوں کی خاصیت ایک ہی ہے۔

اگر کسی کو سانپ، بچھو، گیدڑ، دیوانہ کتا یا اور کوئی موذی جانور کاٹے تو عامل کو لازم ہے۔ اس دم کو اس ترکیب سے پڑھے۔ ایک بار پڑھے اور اپنی انگل کو لب لگا کر اور پھونک مار کر اپنے ہاتھ کے نزدیک لکیر کھینچ لیں۔ یعنی کہ زہر عود کو اثر نہ کر سکے۔ پھر آک یا نیم کی سبز ٹہنی لے کر اس سے زخم کو جھاڑتا جائے اور دم کرتا جائے تو امید ہے انشاء اللہ دس پندرہ منٹ دم کرنے سے زہر تمام جسم سے خارج ہو کر زخم پر آ جائے گا۔ پھر اسی طرح دم کر کے اپنی انگل کو زخم کے اوپر یکدم لگا دیں کہ زہر دوبارہ اوپر نہ جا سکے۔ اسی ترکیب سے صبح و شام دم کیا جاتا ہے۔ اس کی برکت سے تمام زہر ختم ہو جاتی ہے۔ ہمارا بار بار کا تجربہ ہے۔ اور غوث پاک نے بھی یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ہمارے نانےؐ پاک اور ہمارے اللہ پاک کا ایسا نام کمال ہے۔ اس کو پڑھ کر اگر مردے پر بھی دم کیا جائے تو امید ہے وہ بھی زندہ ہو جاتا ہے۔ یہ بالکل ٹھیک ہے۔ میں ایسا تجربہ بار بار کر چکا ہوں۔ دم مبارک یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط دھروئی خدا دی،
دھروئی خدا دے رسول دی۔ دھروئی پیر مخدوم جہانی دی۔
دھروئی سلطان احمد کبیر۔ ستر سو بلا را لستم ما بہتر کولاں بے جنجیر

ایک تار جھوٹے۔ جنجیر لوٹے کام ہوتے۔ اللہ پاک محمدؐ رسول کرے۔

دوسرا دم

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط۔ اول نام خدا کا دوسرا نام محمدؐ کا تیسرا نام محمد کا تیسرا نام چار یار، چوتھا نام پیر دستگیر کا۔ ہدا پیر دستگیر کا۔ ہدا پیر دستگیر کا۔ خدا تیرے زہر چڑھنے۔ ورت ما چڑھے۔ بارہ ذات تیری شنات مہلکے کہتے اگدڑے سپلے۔ ٹھونسے۔ ایویں چلے گو پانی چلے۔ گکھڑ منیر۔ دم دم میں سلطان سید احمد کبیر ستر سو بلا لستم بہتر کلا بے زنجیر۔

دم برائے جن

اگر کسی کو جن پری یا کسی اور چیز کا سایہ ہو۔ تو عامل کو لازم ہے۔ بیری کے چار کیل ایک ایک انچ کے بنا لے کر ہر کیل پر اس سبق مبارک کو پچیس بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر وہ کیل مریض کی چارپائی کے سر پر ایک ایک کیل گاڑ دیں تو امید ہے انشاء اللہ جن والا مریض اس چارپائی سے نہیں پڑے گا۔ اگر پڑ گیا تو اونچی اونچی شور شروع کر دے گا۔ تو بار بار یہی سبق پکارے گا۔ ان کیلوں کو اکھاڑ

ڈالو میں جل رہا ہوں یا اس عامل کو بلاؤ۔ میں چلا جاتا ہوں
اگر ایسے الفاظ نہ پکارے تو آپ سمجھ لیں اس کو جن کا سایہ
نہیں صرف کوئی اور مرض ہے۔ شرط یہ ہے اس چارپائی
پر اور کوئی نہ پڑے۔ ورنہ اسی کو جن کا سایہ ہو جائے گا۔
سبق مبارک یہ ہے:۔

یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اللّٰہُ یَا رَسُوْلَ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ط

دم برائے سانپ کا راستے میں ملنا

اگر راستے میں جاتے ہوئے سانپ ملے اور سانپ نے
آپ کا راستہ روکا تو آپ کو لازم ہے۔ کہ اس سبق کو
پڑھ کر کسی مٹی کی ڈھیلی پر تین دفعہ دم کرے اور سانپ
کے سامنے ڈال دے اسی ترکیب سے تین ڈھیلیں سانپ
کے سامنے ڈالیں۔ جب اس کی زبان بندی ہو جائے تو آپ
سانپ کو بےخوف ہاتھ سے پکڑ سکتے ہیں۔ دم یہ ہے۔
دم دم میں پیر محی الدین غوث قطب دین چار یار محمد مصطفیٰ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ بسم اللہ اللہ اکبر، اللہ اکبر

دم برائے ہر چیز کو بند کرنا

اگر کوئی چاہے۔ کہ میں کسی کی آگ باندھ دوں یا گھی باندھ دوں۔

یا کاروبار یا کسی اور چیز کو باندھ دینا ضروری ہو تو اس دم کو اس
ترکیب سے پڑھیں۔ کہ سات سات دفعہ پڑھ کر تین دفعہ کسی
پکی ڈوری کو دم کیا جائے۔ پھر وہاں ڈال دیں تو وہ چیز بندھ
جائے گی۔ لیکن اس دم کی زکوٰۃ ادا کرنی بھی ضروری ہے۔
زکوٰۃ اس ترکیب سے ادا ہوتی ہے۔ بعد نماز عشاء ان
دونوں دموں کو ایک ایک سو بار پڑھیں۔ اور اکتالیس
دن تک ورد جاری رکھیں۔ تو اس کی زکوٰۃ ادا ہو جائے
گی۔ ورنہ بغیر زکوٰۃ دم نامکمل ہے۔

دم یہ ہے:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط زہرہ بند،
تن بند۔ کافی بند۔ فی بند۔ جبرائیل بند، سر بند، عزرائیل بند،
منتر موتیا بند بحق توریت موسیٰ علیہ السلام بند، بحق انجیل
حضرت عیسیٰ علیہ السلام بند۔ بحق زبور حضرت داؤد علیہ السلام
بند۔ بحق فرقان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بند
یا الٰہی بند یا الٰہی بند یا الٰہی بند۔ ان جنتروں، منتروں حاضرین
بند، غائبین بند، بحکم خدا بند۔ حید اسید خون موسیٰ ھٹی کو ٹھی
بند۔ با اجازت پیر استاد ہر چیز بند۔ اس کے بعد اگر پھر اس
چیز کو خلاص کرنا ہو تو پھر اس دم کو اسی ترکیب سے پڑھ کر
کسی پکی ڈوری پر دم کریں۔ تو پھر اس چیز میں ڈال دیں۔
تو وہ خلاص ہو جائے گی۔

دم یہ ہے:۔ تن خلاصی۔ کافی خلاصی۔ فی خلاصی۔ جبرائیل خلاصی
سر خلاصی، عزرائیل خلاصی، منتر موتیا خلاصی، پکڑ وٹا الٰہی خلاصی

نیر دجل خلاصی۔

دم برائے کاٹنے والا کتا

اگر کوئی عامل راستہ میں جا رہا ہے۔ تو اس کا راستہ کسی ظالم کتے نے روک لیا اور اس سے خلاصی کے لئے عامل کو لازم ہے کہ اس سبق کو پڑھ کر اس کی طرف پھونک مارے یا کسی چیز کو دم کرکے اس کے سامنے ڈال دے۔ تو امید ہے۔ انشاء اللہ وہ راستہ چھوڑ دے گا۔ سبق مبارک یہ ہے اور بارہا کا ہمارا تجربہ شدہ ہے۔

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّ لْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ط

دم برائے زہر باد

اگر کسی کو زہر باد نکلا ہو تو عامل کو لازم ہے کہ مریض کے پاس پہنچ جائے اور سورۃ قریش کو پڑھنا شروع کر دے جو سپارہ ۳۰ میں درج ہے۔ اس قسم کا زمین کے اوپر کسی لکڑی وغیرہ سے دائرہ بنالے اور سورۃ تین بار پڑھ کر پھوک دے اور پھر دوسری بار دوسری طرف سے لکیر کھینچکر دوسری طرف لے جائے۔ اور پھر تیسری دفعہ لکیر کھینچ کر دوسری طرف لگا دے۔ تو ہو بہو اس دائرہ کی شکل بنالے۔ امید ہے صبح شام ایسا عمل کرنے سے زہر باد ختم ہو جائے گا۔ اگر عامل مریض کے پاس

پہنچ نہیں سکتا تو پاک مٹی کی تو ڈھیلیاں منگالے۔ اور ہر ڈھیلی پر سورت اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ ایک بار پڑھ کر دم کرے تو پھر مریض کو ہدایت کی جائے۔ ایک ڈھیلی سے جتنی جگہ پر سوزش ہو۔ اسی قسم کا سوزش کے ارد گرد دائرہ بنائے پھر دوسری ڈھیلی سے اسی طرح کی لکیر کھینچے۔ پھر وہ تینوں ڈھیلیاں علیحدہ رکھ دے۔ پھر جب سورج شام کو اندر باہر ہو تو اسی ترکیب سے تینوں ڈھیلیاں استعمال کریں۔ اور پھر جب صبح کو سورج نکلنے والا ہو۔ تو اسی ترکیب سے باقی تین ڈھیلیاں استعمال کریں۔ امید ہے انشاء اللہ تین بار عمل کرنے سے زہر باد ختم ہو جاتا ہے۔ پھر استعمال کی ہوئی ڈھیلیاں پانی پاک میں ڈال دیں۔ اسی طرح لال باد پھوڑا پھنسی کو بھی دم کیا جاتا ہے۔

دم برائے مرگی

عامل کو لازم ہے۔ مریض کے پہنچ کر دیکھے کہ اس کو مرگی ہے۔ مرگی کے مریض کی حالت یہ ہوتی ہے۔ کہ منہ سے جھاگ نکلنا اور آنکھوں کا پلٹ جانا۔ اور ہاتھ پاؤں کی انگلیاں مڑ جاتی ہیں۔ اگر منہ سے جھاگ نہیں آتی تو پھر مرگی نہیں ہے۔ اور ایک نقش لکھ کر جو پیچھے درج ہو چکا ہے۔ گلے میں ڈالیں اور اس سبق کو تین بار پڑھ کر دم کریں۔ تو امید ہے

انشاء اللہ مرگی کا دورہ ختم ہو جاتا ہے۔

دم مبارک یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط
یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ۔ کٓھٰا۔ الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ
حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ ط

دم برائے بچھو

حضرت خواجہ معین الدین چشتی فرماتے ہیں۔ اگر کسی مریض کو بچھو نے کاٹا ہو تو اس دم کو اس ترکیب سے پڑھے خود ہی۔ ۲۰، ۱۹، ۱۸، ۱۷، ۱۶، ۱۵، ۱۴، ۱۳، ۱۲، ۱۱، ۱۰، ۹، ۸، ۷، ۶، ۵، ۴، ۳، ۲، ۱ ؛

اگر کسی کو دم کرنا ہو تو پھر اس ترکیب سے اس کو دم کیا جاتا ہے۔ کسی چیز کو سے کر اور دم کی جگہ کو صاف کرتا جائے۔ اور اسی سبق کو پڑھتا جائے۔ امید ہے چالیس دفعہ پڑھنے سے مریض کو صحت ہو گی۔ سپارہ ۲۳، رکوع ۵ سَلٰمٌ عَلٰی نُوۡحٍ فِی الۡعٰلَمِیۡنَ ط

دم برائے بد ہضمی

اگر کسی کو بد ہضمی ہو جائے۔ تو وہ اپنے پیٹ پر خود ہی ہاتھ پھیرتا جائے اور دم مبارک کو پڑھتا جائے۔ تو امید ہے انشاء اللہ بد ہضمی ختم ہو جائے گی۔

دم یہ ہے۔ اَلۡعَبۡدُ اَلۡعَبۡدُ۔ اَلَّذِیۡ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ، سید عبد اللہ خیر کرے۔

دم برائے درد چشم

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہو جائیں تو عامل کو لازم ہے۔ سورۃ فاتحہ کو ۱۱، ۱۲ بار پڑھ کر مریض آنکھوں کو صبح و شام دھوئے تو امید ہے صحت نصیب ہو گی۔

دم برائے خشک کھانسی

اگر کسی کو خشک کھانسی ہو تو مریض شدید بیمار ہو جاتے۔ تو عامل کو لازم ہے۔ روغن چنبیلی لائے۔ اول و آخر درود شریف پڑھ کر اس روغن کو دم کیا جائے۔ اور مریض سوتے وقت گلے کو مالش کرے۔ امید ہے ایسا کرنے سے انشاء اللہ مرض جاتی رہے گی۔

دم برائے ڈھبہ


عامل کو لازم ہے جب مریض کے پاس پہنچے۔ اس کے دائیں کان میں اذان پڑھے اور بائیں کان میں تکبیر۔ تو امید ہے ڈھبہ جا

رہے گا۔ اور تین تین بار سورت الم نشرح پڑھ کر بھی دم کیا جاتا ہے۔ اور ایک اور بھی دم ہے۔ جب عامل مریض کے پاس پہنچے تو اس ترکیب سے دائرہ بنائے۔ زمین پر لکڑی سے یا چاقو سے، پھر اس دائرے میں جنوب سے شمال کی طرف لکریں کھینچے۔ جب سات لکریں کھینچ لے تو مریض کو دیکھے کہ اس کی حالت کیسی ہے۔ اگر اگر مرض باقی ہے تو پھر اسی دائرہ میں مشرق سے مغرب کی طرف سات لکیریں کھینچے۔ دائرہ آپ کے سامنے ہے۔ اسی قسم کا دائرہ بنائیں۔

یہ سبق پڑھ کر دم کریں۔ سبق یہ ہے

لَا اِلٰہ کا نقا الا اللہ کا تیر
محمدؐ کے کلمے سے ڈھیے کو چیر

دائرہ یہ ہے۔



دم برائے جن

اگر کسی کو جن کا آسیب ہو جائے۔ تو عامل کو لازم ہے۔ کہ مریض کے گرد آیۃ الکرسی پڑھ کر لکیر کھینچ لیں۔ اور اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر پڑھیں۔ جب دائیں کان میں اذان پڑھنی شروع کریں تو بائیں کان میں اپنے ہاتھ کی انگلی زور سے دبائیں۔ اور پھر جب بائیں کان میں تکبیر پڑھیں تو دائیں کان میں انگلی زور سے دبائیں۔ ایسا عمل کرنے سے جن جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ اگر اندیشہ ہو کہ مریض کو ہاتھ لگانے سے خطرہ ہو یا مریض ہاتھ اٹھا کر وار کرتا ہو۔ تو پھر سورۃ جن پڑھ کر دم کریں۔

ایسا کرنے سے بھی جن جل جاتا ہے۔ اور یہ سورۃ سپارہ نمبر ۲۹ میں درج ہے۔ دو رکوع ہیں۔ لیکن اس کی زکوٰۃ عامل کو ادا کرنی ضروری ہے۔ لیکن زکوٰۃ اس طریقے سے ادا کرنی ہوتی ہے۔

ترکیب زکوٰۃ:۔ بعد نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر اور خوشبو وغیرہ لگا کر اپنے گرد آیۃ الکرسی پڑھ کر لکیر کھینچ لے اور سات بار اس کو روزانہ پڑھیں اور ۲۱ دن تک متواتر پڑھتا رہے تو اس کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ یا گیارہ محتاجوں کو کپڑے دیئے جائیں اور کھانا کھلایا جائے۔ پھر بھی اس کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ لیکن اپنے پیر استاد کا تصور کرنا بھی ضروری ہے۔

دم برائے نظر بد

اگر کسی کو نظر بد کی شکایت ہو۔ خواہ انسان ہو یا حیوان تو عامل کو لازم ہے۔ اس کے دائیں کان میں اذان پڑھے اور بائیں کان میں تکبیر پڑھے۔ تو یہ عمل تین دن کرنے سے مرض چلی جاتی ہے۔ اگر کسی باغ کو نظر بد کی شکایت ہو تو اس کو بھی اسی طریقے سے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر بلند آواز سے تکبیر اور آذان پڑھی جاتی ہے۔

دم برائے درد سینہ

اگر کسی کے سینہ میں درد ہوتا ہو تو عامل کو لازم ہے۔ کہ وہاں پہنچ کر مریض کے سینہ پر انگلی رکھے اور سورۃ الم نشرح کو پڑھنا شروع کرے تو اول و آخر درود شریف پڑھے اور انگلی کو کھینچتا ہوا ایک طرف لے جائے۔ جہاں درد کو ٹھہرانا مقصود ہو۔ اسی طرح سات بار پڑھتے ہوئے دم کیا جائے۔ انشاء اللہ درد ختم ہو جاتا ہے۔

دم برائے درد کان

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو عامل کو لازم ہے۔ اول و آخر درود شریف پڑھ کر اس سبق مبارک کو ایک سو ایک بار پڑھا جائے اور دم کیا جائے۔ تو انشاء اللہ صحت نصیب ہو گی۔ سبق مبارک یہ ہے۔ یَا سَمِیْعُ

دم برائے اِحتلام

اگر کسی کو ہر روز سوتے وقت احتلام ہو جاتا ہو۔ تو اس کو لازم ہے۔ سونے سے پہلے اپنے دائیں ہاتھ سے

ناف کے اوپر یَا عمر تین بار لکھ لے تو امید ہے انشاء اللہ صحت نصیب ہو گی۔ اور احتلام نہیں ہو گا۔

دم برائے چوٹ (زخم)

اگر کسی کو چوٹ لگی ہے۔ تو عامل کو لازم ہے کہ اس سبق کو نو بار پڑھ کر تین دفعہ دم کیا جائے۔ تو صحت نصیب ہو گی۔ سبق مبارک یہ ہے۔ یَا تَمِیْمُ

دم برائے خود

اگر کوئی چاہے کہ میں حافظ قاری یا عالم فاضل یا عامل کامل یا شاعر بن جاؤں تو اس سبق مبارک کو ہر نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف پڑھا جائے۔ اور گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں۔ (پھونک ماریں) تو امید ہے۔ انشاء اللہ جو چاہے گا وہی بن جائے گا۔ میں اسی آیت کی برکت سے شاعر بنا ہوں۔ اس سے پہلے میں کچھ کتابیں لکھ چکا ہوں۔ جو آپ کو شیخ محمد سعید تاجر کتب نولکھا بازار لاہور سے مل سکتی ہیں۔ اور ہمارا بار بار کا تجربہ ہے۔ یہ آیت سورۃ طٰہٰ رکوع ۱ رکوع نمبر ۲ سیارہ ۱۶ رکوع نمبر ۱۲ میں ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَ یَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ط

دم برائے پڑبال

اگر کسی کی آنکھوں میں پڑبالوں کی شکایت ہو تو اس کو لازم ہے۔ کہ چاند کی چودہ تاریخ کو کھڑے ہو کر سورۃ فاتحہ دس بار پڑھیں اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھیں۔ اور پھر اپنے دائیں ہاتھ کو محبت سے آنکھوں پر پھیر لے۔ اسی طرح ۱۵، ۱۶، ۱۷ دنوں تک عمل کریں تو امید ہے انشاء اللہ پڑبال ختم ہو جائیں گے۔

دم برائے نارووا

اگر کسی کو نارووا کی شکایت ہے تو اس کو لازم ہے۔ اپنے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے نارووا کی جگہ پر دائرہ بنائے۔ اور اس سبق کو نو بار پڑھ کر گھوستے رہیں۔ امید ہے اس طرح سات دن کرنے سے نارووا ختم ہو جائے گا۔ سبق مبارک یہ ہے۔

کبیر ریدی تو نارووا وڈا، اللہ وڈا، محمد ﷺ سفر کر گئے تو بھی سفر کر۔

دم برائے ریح

اگر کسی کو ریح کا درد ہوتا ہو۔ اور یہ درد جابجا پھرتا رہتا ہو تو عامل کو لازم ہے۔ کہ مریض کو کہے کہ تیل لائے۔ اور اس تیل میں لونگ ایک تولہ ڈال دیں۔ اور پھر اس سبق مبارک کو دس دس بار پڑھ کر دم کریں۔ حتیٰ کہ سبق کو ستر بار پڑھا جائے تو مریض اس تیل کو درد کی جگہ پر ملے تو امید ہے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

سبق مبارک یہ ہیں:۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ط

دم برائے تھن ٹھل جانا

یعنی

(عورت کی چھاتی دکھنا)

اگر کسی عورت کا تھن خراب ہو جائے یا کسی کو کچھرالی نکلے یا آنکھیں خراب ہو جائیں تو عامل کو لازم ہے مریضہ سے دریافت کرے کہ کونسی طرف کی چھاتی ہے۔ پھر اس کو کہے کہ تم جاؤ۔ پھر اسی طرف کی اپنی چھاتی کے ارد گرد انگل سے دائرہ بنائے اور دم پڑھنا شروع کرے۔ اگر کسی کو کچھرالی ہو تو پھر اس سے جنگلی اُپلیوں کی راکھ منگوائیں تو اس پر بھی یہی دم پڑھیں

اور پھر تیل لگا کر کچھرالی پر لگائیں۔ اگر کسی کی آنکھیں خراب ہیں۔ تو پانی کو دم کر کے آنکھوں کو دھویا جائے۔ دم بے نظیر ہے۔ اور بار بار کا آزمایا ہوا ہے۔ دم مبارک یہ ہے۔

"آنکھ دکھے تمن ٹھٹے کچھرالی پھوڑا لوٹ
برکت کلمے محمدؐ دی پانچوں بھگتا بھوت"

دم برائے لاعلاج مریض

عامل کو لازم ہے۔ کہ جس مریض کو کسی دوائی سے صحت نہیں ہوتی تو ایک بوتل میں پانی ڈالے اور اس ترکیب سے اس سورت کو پڑھ کر دم کرے۔ اور ایک ایک بوتل پہ ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ جس مریض کو صحت نہیں ہوتی وہ پانی اسے پلاتے رہیں۔ تو امید ہے صحت نصیب ہوگی۔ اس سورۃ مبارک کو دم کیا جائے۔

سورت مبارک یہ ہے اور اس طرح پڑھی جائے۔

اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر
فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ حر۔ حر۔ حر۔ حر۔ حر۔ حر۔ حر
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ تر۔ تر۔ تر۔ تر۔ تر۔ تر۔ تر

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں مبتلا ہو تو بعد نماز عشاء اسی ترکیب سے گیارہ بار اس سورت کو پڑھے۔ تو پھر ۲۱ دن تک عمل کرے۔ تو امید ہے۔ ہر مشکل آسان ہو۔ اور ہر مصیبت سے آزاد ہو جائے گا

دم برائے حُب

اگر کوئی کسی کے عشق میں مبتلا ہو تو اس کو لازم ہے کہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط ۷۸۶ بار پڑھ کر اور اول آخر درود شریف پڑھے۔ اور اپنے مطلوب کو سات دن تک پلاتا رہے تو امید ہے۔ انشاء اللہ وہ تابعدار ہوگا۔

دم برائے ظالم حاکم

اگر کسی کو ظالم حاکم سے واسطہ ہو۔ لیکن وہ کام نہیں کرتا۔ تو اس کو لازم ہے۔ پاک صاف ہو کر دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ اور پہلی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ والضحیٰ۔ اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ الم نشرح تین بار اور پھر نماز ختم کے بعد جب گھر سے چلے تو دایاں قدم آگے رکھے۔ تو سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اسی اسی طرح جب دایاں قدم آگے رکھے تو سورت پڑھتا جائے۔ حتیٰ کہ گیارہ قدم بار سورۃ پڑھی جائے۔ تو امید ہے انشاء اللہ ظالم حاکم مہربان ہوگا۔ اور بار بار کا آزمودہ ہے۔

دم برائے اُلفت

اگر کوئی کسی کے عشق میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز کو دم کر کے اس کو کھلا دے۔ انشاء اللہ معشوق عاشق بن جاوے گا۔

سپارہ ۶ سورۃ النساء۔ آیت آخری۔ یَا اَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَ کُمْ بُرْھَانٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَ اَنْزَلْنَا اِلَیْکُمْ نُوْرًا رَبَّنَا تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمِ ط

برائے زیارت رسول ﷺ

اگر کوئی چاہے۔ کہ میں رسولِ پاک کو اپنی زندگی میں دیکھ لوں تو اس کو لازم ہے کہ پاک صاف ہو کر بعد نماز عشاء اس سبق مبارک کو ایک ہزار بار پڑھے اور جہاں پڑھتا ہو وہاں ہی سو رہے۔ اسی طرح اکتالیس ۴۱ دن تک عمل کرے تو امید ہے انشاء اللہ رسولِ پاک ﷺ کو خواب میں دیکھے گا۔ لیکن اس عمل کا پڑھنا بہت غور سے ہے۔

آیت مبارک یہ ہے۔ ھُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ لِکُلِّ ھَوَالِ مِنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحِمٖ ط ۱

دم برائے نظر کو تیز کرنا

اس سبق کو گیارہ بار پڑھ کر آنکھوں پر ہاتھ پھیرے روزانہ ۲۱ دن تک عمل کیا جائے تو امید ہے نظر تیز ہو جاتی ہے۔ سبق یہ ہے۔ یَرْقَاءُ یَرْقَیٰ ط

دم برائے خفقان

اگر کسی مریض کا دل فوراً ہی گھبرا جاتا ہو تو عامل کو لازم ہے عرق گاؤ زبان لائے۔ اس پر سورۃ فاتحہ ۲۱-۲۱ بار پڑھے۔ تو پھر اس مریض کو تین بار دن میں پلایا جائے۔ تو امید ہے انشاء اللہ صحت ہو گی۔

دم برائے سگ دیوانہ

اگر کسی کو سگ دیوانہ کاٹ جائے۔ تو عامل کو لازم ہے عرق کیلا لائے۔ اس پر سورت اخلاص کو ۲۱-۲۱ بار پڑھ کر دم کریں تو پھر مریض کو اکتالیس ۴۱ دن تک پلایا جائے تو امید ہے صحت ہو گی

ختم خواجگان

ایک دن کا ذکر ہے۔ میں نے باباجی صاحب سے دریافت کیا کہ بڑے بڑے باغ، کارخانے اور کھیت وغیرہ ویران ہو جاتے ہیں اور کام چلتا ہوا سست ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے ارشاد فرمائیے تو آپ نے فرمایا۔ اگر مندرجہ ذیل طریقے سے ختم پڑھا جائے تو سب کام ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

اگر کوئی بہت بڑا کارخانہ ہو تو اس ترکیب سے جو طریقہ آپ کے سامنے ہے۔ پانچ آدمی مل کر ختم پڑھیں۔ لیکن وہ آدمی عامل ہوں اور حقہ وغیرہ بھی استعمال نہ کرتے ہوں۔ سات دن پڑھیں اسی ترکیب سے۔

ترکیب یہ ہے:۔ الحمد شریف سات مرتبہ، درود شریف ایک سو مرتبہ۔ الم نشرح ایک سو مرتبہ، سورۃ اخلاص ہزار بار الحمد شریف سات مرتبہ، درود شریف سو مرتبہ اس کے بعد یہ سبق یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ سو دفعہ، یا حبیب سو دفعہ، یا ودود سو دفعہ، یَا بَاسِطُ سو دفعہ، یا غنی سو بار۔ یا مغنی سو دفعہ یا غفور سو دفعہ۔ اس کے بعد خود عامل اس دعا کو پڑھے گا۔


۱: یا حیُّ حین لا حیَّ

۲: اِنَّ وَلِیِّ َ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ کِتَابَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیْنَ ط

۳:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط


۴:۔ فَاللّٰہُ خَیْرًا حَافِظًا وَّ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط

بڑی شکل ...



چھوٹی شکل:

سب سے چھوٹی شکل




آپ کو لازم ہے۔ یہ پانچ عمل یہ سب اسم شریف ہر روز نمبر۱ پر پہلے دن تمام اسم پڑھیں گے۔ اور پھر دوسرے دن نمبر۲، تیسرے دن نمبر ۳۔ چوتھے دن نمبر۴۔ پانچویں دن نمبر ۵۔ چھٹے دن نمبر۶ ساتویں دن ساتویں نمبر پر

یہ سب بڑے باغ یا کارخانہ یا کھیت کی شکل ہے۔ اس کو اسی ترکیب سے عمل کرنے سے امید ہے۔ انشاءاللہ دوبارہ کاروبار اور باغات سبز پھل دار، کھیت سوکھے ہوئے سرسبز ہو جاتے ہیں۔

چوتھی ترکیب۔ جو باغ یا کارخانہ ایک ہی کھیت کے برابر کا ہو۔ تو اس میں پانچ عامل عمل کریں گے۔ اور اسی ترکیب سے پانچ دن تک عمل کریں گے۔ اور پھر چوتھی ترکیب۔ گھر یا باغ ویرانہ ہو تو یہی اسم تین دن تک پڑھیں گے۔ پہلے دن نمبر۱، دوسرے دن نمبر۲ تیسرے دن نمبر۳ چھوٹا اور بڑا عمل جمعہ مبارک سے شروع ہوتا ہے اور پھر آئندہ جمعہ تک ختم ہوتا ہے۔ اگر دوکان یا گھر کے لئے کرنا ہو تو جمعہ کو شروع کر کے اتوار تک ختم کیا جاتا بعد میں کسی چیز پر ختم پڑھ کر بچوں کو تقسیم کرنا بھی ضروری ہے۔ اگر بڑا کارخانہ ہو تو ہر نمبر ا پر ایک ایک کیل پر سات سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر نمبروار گاڑ دیا جاتا ہے:۔

اگر کھیت یا باغ ہو تو پھر لکڑی کے کیلے کو دم کر کے گاڑ دیا جاتا ہے۔

اگر گھر یا دکان ہو تو دو انچ کا کیل لے کر ان کو چاروں کونوں میں گاڑ کر پانچویں کیل کو جو مشرق کی دیوار ہو۔ اس میں گاڑ دیا جاتا ہے۔ اور ایک سورۃ فاتحہ کا نقش لکھ کر لٹکا یا جاتا ہے۔



دوسری ترکیب

جو شکل اپ کے سامنے ہے۔ اس شکل سے کام کیا جاتا ہے۔ جس دن دعوت پکانا ضروری ہو تو علی الصبح پاک صاف ہو کر آدمی الحمد شریف پڑھتا ہوا جنگل میں چلا جائے۔ لیکن راستہ میں کسی

سے بات نہ کرے۔ تو وہاں ایک سیاہ رنگ کا کتا ملے گا۔ تو اس کو کہہ دیں۔ آج آپ کی دعوت ہمارے گھر ہے۔ آپ شام کے بعد ہمارے گھر تشریف لے آئیں۔ یہ بات کہہ کر کر واپس گھر کو آ جائیں۔ لیکن راستہ میں کسی سے بات نہ کرے۔ اور پیچھے کو بھی نہ دیکھے۔ کہ وہ کتا تھا یا اور کوئی چیز تھی۔ کھانا وہ آدمی تیار کرے جو پرہیز گار۔ حقہ بھی نہ استعمال کرتا ہو۔ لیکن شرط یہ ہے۔ کھانا شام سے پہلے تیار ہو جائے۔

کھانے کے لئے چیزیں یہ ہیں۔ گندم کا آٹا ساڑھے تین سیر گوشت سوا سیر، دہی سوا سیر، روغن زرد تین پاؤ۔ یعنی کا گھی۔ ان سے کچھ حلوہ تیار کیا جائے۔ اور کچھ روٹیاں پکائی جائیں سب کا سب شام کو تقسیم ہو جائے۔ تو ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔

استخارہ: بعد نماز عشاء پاک صاف ہو کر دو رکعت نفل پڑھیں تو پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ الم نشرح سات بار اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص سات بار پڑھ کر پھر یہ الفاظ پڑھتا ہوا سو جائے۔ جس چیز کو دریافت کرنا ہو۔ وہ ہی معلوم ہو جائے گی۔ لیکن یہ عمل سات دن تک کیا جاتا ہے۔

اسم یہ ہے۔

"یا قدوس" ہزار بار، آگے پیچھے درود شریف پڑھنا بھی ضروری ہے۔

کشف القبور

اگر کوئی کسی مردہ کو دیکھنا چاہے۔ اور یہ معلوم کرنا چاہے۔ کہ قبر میں اس کی کیا حالت ہے۔ تو چاہیئے کہ درود شریف اور دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص کو سات سات بار پڑھیں تو پھر یہ درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے۔ تو مردے کو دیکھے گا

درود شریف یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ط

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

ہرچہ خواہد ہمنشینی با خدا — او نشیند در حضورِ اولیاء

یک زمانہ صحبتِ با اولیاء — بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

بحرمت شیخنا ومولانا بابا حاجی ثمر گل صاحبؒ — مقام ڈشارہ پشاور

بحرمت شیخنا ومولانا جناب حاجی محمد امین صاحب — مجاہد آباد پشاور

	مقام
بحرمت شیخنا و مولانا جناب مجاہد اعظم فضل واحد صاحب رح	نور نگری پشاور
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب صوفی عالم گل صاحب رح	ننگرہار کابل
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب نجم الدین صاحب رح	بڈہ شریف کابل
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب عبدالغفور صاحب رح	سیدو سوات
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب محمد شعیب صاحب رح	تورڈیرہ مردان
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب حافظ محمد صاحب رح	عمرزئی پشاور
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب محمد صدیق صاحب رح	لشبونڑی سوات
بحرمت شیخنا و مولانا جنید رحمۃ اللہ علیہ	پشاور
بحرمت شیخنا و مولانا جناب شیخ احمد صاحب رح	ملتان
بحرمت شیخنا و مولانا جناب شیخ شاہ عالم صاحب	دہلوی
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب شاہ منور رح	دہلوی

	مقام
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب شاہ دولہ صاحب	گجرات
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب شیخ عبدالقادر جیلانی	بغداد
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب ابوسعید صاحب رح	بغداد
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب ابوالحسن رح	ہنگار
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب ابوالفرح رح	طرطوس
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب عبدالواحد صاحب	تمیم
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب عبدالعزیز صاحب رح	تمیم
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب ابوبکر شبلی رح	بغداد
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب جنید بغدادی رح	بغداد
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب سری سقطی رح	بغداد
بحرمت شیخنا و مولٰنا جناب معروف کرخی رح	کرخ

	مقام
بحرمت شیخنا و مولانا جناب داؤد طائی رح	قبیلہ طے
بحرمت شیخنا و مولانا جناب حبیب عجمی رح	بصرہ
بحرمت شیخنا و مولانا جناب حسن بصری رح	بصرہ
بحرمت شیخنا و مولانا جناب علی علیہ السلام	مدینہ منورہ
بحرمت شیخنا و مولانا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مدینہ منورہ
بحرمت وحی حضرت جبرائیل علیہ السلام	سدرہ
وبحق رب العالمین ط غفور الرحیم ط	عرش معلّٰی

سلسلہ قادریہ کے سبق

جس کے پڑھنے سے انسان عامل کامل بزرگ اور خلیفہ بنتا ہے نفس کو پاک کرنے کے لئے اس سبق کو ایک سو ایک بار پڑھا جاتا ہے۔

—:—

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ ہ تزکۃ الذی ہ

سبق اوّل

اس کو نفی اثبات کہتے ہیں۔ اس کو طریقت میں مقام ناسوت کہتے ہیں۔ اس کو پڑھ کر انسان زمین سے آسمان تک چکر لگاتا ہے۔ اور الا اللہ کی دل پر ضرب لگائی جاتی ہے۔ اس کی تعداد ایک ہزار ہے۔ اس طریقے سے پڑھا جاتا ہے۔

لا الہ الا ھو اور ہر سو کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

پھر اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ط پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط اس طریقے سے ہزار بار پڑھا جاتا ہے۔

سبق ۲

اس کا نام اثبات ہے۔ صرف الا اللہ ہزار بار پڑھا جاتا ہے۔ اس کی ضرب دل کی جانب لگائی جاتی ہے۔ پہلے طریقے سے ہزار مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ اس کو طریقت میں ملکوتی کہتے ہیں۔

سبق نمبر ۳

اس کا نام مراقبہ ہے۔ دو زانو ہو کر بیٹھ جائیں۔ اور آنکھیں بند کر لیں۔ اور سانس کو بھی روک لیں صرف الفاظ "اللہ" دس منٹ تک پڑھا جاتا ہے۔

سبق نمبر ۴

اس کو طریقت میں مکان ذکر جبروتی کہتے ہیں۔ اور شریعت میں اسم ذات۔ منہ کو بند کر کے صرف اللہ اللہ پڑھا پڑھا جاتا ہے۔ اس کی تعداد بھی ایک ہزار ہے۔ ہر سو کے بعد جل جلالہٗ و عم نوالہٗ۔ اور پہلے طریقے سے ہزار بار پڑھا جاتا ہے۔

سبق نمبر ۵

اس کا نام شریعت میں اسم ذات مطلق اور طریقت میں اس کو لاہوتی کہتے ہیں۔ اس کی تعداد بھی ایک ہزار ہے۔ سبق "ھوٗ" پر سو کے بعد" توں پاک اللہ موجود

اللہ یہ کہہ کر پھر طریقے سے پڑھیں۔

سبق نمبر ۶

ھوَ اللہ ج ھوٗ۔ اس کو شریعت میں ذکر عروجی کہتے ہیں طریقت کو مکان لاھوت کہتے ہیں۔ اس کی تعداد بھی ایک ہزار ہے۔ اللہ ... میں وقف کر کے پھر ھوٗ پڑھا جاتا ہے۔ اس کے پڑھنے سے انسان زمین سے مکان جبروت تک پرواز کرتا ہے۔ ہر سو کے بعد توں پاک اللہ موجود اللہ کہا جاتا ہے۔ اور پہلے طریقے سے اسی کو ادا کیا جاتا ہے۔

سبق نمبر ۷

ھوٗ ج اللہ اس کو شریعت میں ذکر نزولی اور طریقت میں مکان ھا ھوت کہتے ہیں۔ اس کو ھوٗ کہہ کر وقف کر کے اللہ کہا جاتا ہے۔ اور اس کو بھی ہزار بار پہلے طریقے سے پڑھا جاتا ہے۔ ہر سو کے بعد جل جلالہٗ وَ امنہٗ والہٗ کہا جاتا ہے

سبق نمبر ۸

اس کی تعداد پانچسو بار اوراس ذکر کی طریقت کو مکان بے نیاز کہتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا تصور کیا جاتا ہے سبق مبارک یہ ہیں۔

اَنْتَ الْهَادِیْ اَنْتَ الْحَقُّ، لَیْسَ الْهَادِیْ اِلَّا هُوْ ط

سبق نمبر ۹

یہ درود شریف ہے۔ اس کو پاک صاف کپڑے پہن کر باادب بعد نماز عشاء منتخب رسول ہزار بار پڑھا جاتا ہے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ عِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ ط

سبق نمبر ۱۰

یہ الفت رسول ؐ کے لئے پڑھا جاتا ہے۔ هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ لِکُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ

مُقْتَحَمٖ ط

اسی طرح اگر کسی نے پیر کے کہنے پر نفی اثبات کو پڑھا تو اس کا ثواب اس طرح رسولِ پاک کو پہنچتا ہے کہ باباجی سے لے کر رسولِ پاک تک ۲۸ پیر تعداد ہے۔ اور رسولِ پاک کو ایک ہزار بار نفی اثبات پڑھنے سے اتنا ثواب پہنچتا ہے:۔ ۱،۳۴،۲۱،۷۷،۵۶،۰۰۰ ان کا ثبوت دارالحدیث حصہ نمبر ۳۷ میں درج ہے۔ ایک کھرب چونتیس ارب، اکیس کروڑ ستتر لاکھ چھپن ہزار ہے۔

میرا خیال

بھلا اوہ کی ورد وظائف کرنا جہدے کیتیاں مشکل دا حل ناہیں
اوس پیر دی کی بیعت کرنی جہنوں مرید بناؤن دا ول ناہیں
بیعت کرنی قرآن وچہ ہے تابیت قرآن کلام ربی جھوٹی گل ناہیں
رمضان یارا وہنوں عمخوارہ آکھیں جنہوں یار مناؤن دا ول ناہیں

دستور کتاباں

سن اکاٹھ وچہ گلدستہ محمدی کتاب لکھی بڑے شوق ونال میاں
سن باٹھ وچہ گلدستہ بیان مجنوں لکھیا واہ واعشق دا حال میاں
سن اٹھاٹھ وچہ گلدستہ وچھوڑا یار لکھیا درد مندا ندا درد کمال میاں

سن انہتر ۶۹ وچہ گلدستہ راہ نجات لکھیا قسم رب دی بے مثال میاں
ایسے سن وچہ ایہہ کتاب لکھی ایہدا نام گلدستہ معرفت دا جمال میاں
معرفت دا جاننا بہت مشکل جیہڑے جان دے صاحب اقبال میاں
گل مشکل توں ہے واہ مشکل شاہدؔ کی گزرے گا حال میاں
معرفت دا نام تے لے بیٹھا بندہ عاجز ہے وڈا کنگال میاں
تقویٰ رکھیا ربدی ذات اتے پورا کیتا سی میرا سوال میاں
سن ستر وچہ نقشبندی کتاب لکھی ہر مشکل دا دسیا حال میاں
ہر عمل نوں آپ کر کے دس دتا ایہر عاماں نوں کیتا سی خوشحال میاں
تعویذات فاروقی نام رمضان یارا کر عمل تے ہو مال و مال میاں

میرا تجربہ

پندرہ سال وچہ بابے جی کولوں جو کجھ میں سکھیا سی ول میاں
سکھیا تے کیتا سی عمل یارو ہر مشکل دا دس دتا حل میاں
جے تو بھی مشکل دا حل چاہیں در اولیاء دا جا کے مل میاں
رمضان یار مخفی راز دتے قسم ربدی سچی ہے گل میاں

شیخ سعید دا پتہ

جناب شیخ محمد سعید تاجر کتب لاہور نولکھے دے وچہ بازار یارو
قاعدے سپارے تے قرآن شریف سوہنے چھپے کتاباں بیشمار یارو

جیس چیز دی لوڑ ہے لو خرید اوتھوں گاہکاں نال ہے چنگا وہار یارو
رمضان یار میں شیخاں دے کہن اتے مخفی رازاں نوں کیتا اظہار یارو۔

میرا پنڈ

ملکی اصحاباں والی نمبر ۲۶۴ ہے بھئی ڈاک خاص خاص پڑھیں بیان میرا
ضلع تحصیل شیخوپورہ مشہور جہاں اندر جیتوں چاہیں پچھو پیچ اعلان میرا
جنہیں ملنا ہے مجھ کنگال تائیں آن ملکی وچہ پچھو اپنا مکان میرا
وچکار پنڈ دے مکان رمضان یارا رہنا وچہ مسجد خاص نشان میرا

آخری رباعی

گل قلم دی کی پچھنا ایں قلم جیڈ کوئی ہتھیار ناہیں
سارے کم قلم نے تے آپ کیتے ایجے وجی قلم کٹار ناہیں
ضرب قلم دی نال ہلاک ہوسیں ایجے کیتا میں قلم دا وار ناہیں
رمضان یار قلم جیہدے ہتھ اندر اوہدے جیہا صاحب وچہ سنسار ناہیں

ختم شد

ہر قسم کی کتابیں ملنے کا پتہ
شیخ محمد سعید تاجر کتب نولکھا بازار لاہور

عطاء اللہ پرنٹرز۔ دربار مارکیٹ۔ لاہور